

# تولائے نور

## معلوماتِ قرآنی

مولّف حجتہ الاسلام مولانا غلام علی عارفی

# تولّائے نور

مولف حجۃ الاسلام مولانا غلام علی عارفی

# کوائفِ کتاب


| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | نوآئے نور |
| نوعیتِ کلام | : | معلوماتِ قرآنی |
| مصنف | : | غلام علی عارفی |
| کمپوزنگ | : | جعفر کمپوزنگ ہاؤس، کراچی |
| ناشر | : | ادارۂ تبلیغ تعلیماتِ اسلامی پاکستان |
| سنہ اشاعت | : | ۲۰۰۶ء |
| قیمت | : | ۳۵/= |
| ملنے کا پتہ | : | ادارۂ تبلیغ تعلیماتِ اسلامی پاکستان |



دفتر ادارہ تبلیغ تعلیمات اسلامی
کمرہ نمبر 5 رضویہ امام بارگاہ ناظم آباد کراچی

# انتساب

## قرآن واہلبیتؑ کے نام

جنھیں رسولِ اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
حوضِ کوثر تک ساتھ رہنے کی خبر دی اور امت
کو تمسک رکھنے کی ہدایت فرمائی۔

# پیش لفظ

قرآن مجید تمام افراد بشر کے لیے خورشید ہدایت ہے جس پر عمل کر کے ہر انسان دنیا و آخرت دونوں میں سرخرو ہو سکتا ہے تاریخِ بشریت اس بات کی گواہی دیتی ہے کہ جب تک مسلمان قرآن سے متمسک رہے زندگی کے ہر میدان میں کامیابی و کامرانی انھیں نصیب ہوئی، لیکن جب سے مسلمانوں نے قرآن مجید کی طرف توجہ دینا چھوڑ دی تو تباہی و بربادی ان کا مقدر بن گئی، مسلمانوں کی اس فکری پسماندگی کو دور کرنے کے لیے انھیں قرآن کی طرف رخ کرنا ہوگا، قرآن صرف ایک مقدس کتاب ہی نہیں بلکہ ایک جامع نظامِ حیات بھی ہے مسلمانوں کے معاشرے میں روز بروز یہودیوں اور عیسائیوں کے افکار بڑی تیزی کے ساتھ فروغ پا رہے ہیں جس کی بنا پر مسلمان زندگی کے مختلف میدانوں میں بہت پیچھے رہ گئے ہیں پوری کائنات میں اس وقت مسلمان ہی مسلمان ہونے کے جرم میں عالمی استعمار کے ظلم و تشدد کا نشانہ بن رہے ہیں ایسے حالات میں ہم سب کو مل کر یہ سوچنا ہوگا کہ آخر ایسا کیوں ہو رہا ہے اس لیے کہ مسلمانوں نے رسولِ خداؐ کی دونوں امانتوں یعنی قرآن و اہلِ بیتؑ کو یکسر فراموش کر دیا مسلمانوں کو چاہیے کہ اس زبوں حالی سے نکلنے کے لیے پیغامِ قرآنی کو عام کریں، دنیا میں بلند ہمتی کا حامل انسان ہی ترقی کے مدارج کو طے کر سکتا ہے آئیے اس عظیم مقصد کی خاطر عظیم کتاب یعنی قرآن مجید کے پیغام کو مشعل راہ قرار دیتے ہوئے دشمنانِ اسلام کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملانے کے لیے کمر بستہ ہو جائیں۔ یہی وقت کی پکار ہے یہی ضمیر و وجدان کی پکار ہے اور یہی علامہ اقبال کا پیغامِ قرآنی بھی ہے بقول ان کے:۔

مسلم کا ہر اک جنگ میں ہے امن کا عنوان
اک ہاتھ میں تلوار ہے اک ہاتھ میں قرآن

جب انسان کے فکر و نظریئے کی موت واقع ہو جاتی ہے تو وہ ہر کسی ظالم و جابر کے سامنے سرِ تسلیم خم کرنے کے لیے آمادہ رہتا ہے کیونکہ اس کے پاس اپنا کوئی نظریہ نہیں ہے مسلمانوں کی فکر و نظریئے کی زندگی صرف اور صرف قرآن ہی سے وابستہ ہیں بنابرایں۔

قرآن فکر و نظریے کی زندگی کا نام ہے۔

ایک ایسا جامع نظامِ حیات ہے جو مرنے کے بعد بھی زندگی کا پیغام دیتا ہے، ایسا دستور ہے جس پر عمل پیرا ہو کر ہر کوئی سعادت کی زندگی گزار سکتا ہے۔ قرآن کا پیغام برابری کے اصولوں پر استوار ہے نہ کہ برتری کے۔

قرآن ہر زمانے کے لوگوں کے لیے پیغامِ امن لے کر نازل ہوا ہے۔ قرآن نے ہی انسانوں کا مقام اور مقصد زندگی کو کھل کر بیان کیا ہے۔

جب تک مسلمان قرآن کو اپنے سیاسی، سماجی، ثقافتی، معاشرتی، اجتماعی اور انفرادی زندگی میں مشعل راہ قرار نہیں دیں گے، اُس وقت تک مسلمانوں کی زبوں حالی اور فکری پسماندگی دور نہیں ہوسکتی، معاشرے میں قرآنی پیغام کو عام کرنے کے لیے ہم میں سے ہر ایک کو عملی کردار ادا کرنا ہوگا، بنا برایں حقیر نے ایک عملی کوشش کی ہے صرف فرزندان توحید کی توجہ کو مبذول کرانے کی خاطر قرآن مجید کے متعلق مختلف کتابوں سے چند معلومات قرآنی کو جمع کرنے کا شرف حاصل کیا ہے، اُمید ہے فرزندان قرآن اسی مشن کو آگے بڑھاتے ہوئے ایک ذمہ دار اہل ایمان ہونے کا عملی ثبوت پیش کرتے رہیں گے میرے ساتھ اس کارخیر میں تنظیم جوانان اصغریہ کراچی کے نائب صدر محمد یعقوب، سید محمد حسن عسکری رضوی نے مخلصانہ طریقے سے تعاون کیا ہے۔ سید سلیمان کاظمی صاحب قبلہ کی خصوصی تعاون اور تشویق سے کتاب لکھنے کا مرحلہ پایۂ تکمیل تک پہنچا ہے، اس کتاب کا نام کراچی کے معروف سوزخوان سید حسین احمد رضوی صاحب نے ''تولّائے نور'' رکھا ہے آخر میں فخر الواعظین محسنِ ملت علامہ الحاج عون محمد نقوی صاحب قبلہ سربراہِ ادارۂ تبلیغاتِ اسلامی پاکستان کا دل کی گہرائیوں سے شکر گزار ہوں کہ اُن کے خصوصی تعاون سے کتاب کی اشاعت پایۂ تکمیل کو پہنچی۔ میری دُعا ہے کہ پروردگارِ عالم ہم سب کو زندگی کے لمحات قرآن واہلِ بیت کے عظیم سائے میں گزارنے کی توفیق دے۔ میری اس قلیل سعی و تلاش کو میرے لیے ذخیرۂ آخرت قرار دے۔

اللھم نور قلوبنا بنور القرآن و نور ابصار نابنور المھدی علیہ السلام و عجل ظھورہ واجعلنا من انصارہ و اعوانہ بحق محمد و آلہ الطاھرین المعصومین (آمین ثم آمین)

خاک پائے مومنین۔ غلام علی عارفی گلشنِ غدیر (غورسے) چھلو بلتستان، حال مقیم، کراچی منظور کالونی۔

نوٹ:۔ تمام مومنین سے گزارش ہے کہ کتاب ہذا میں کسی قسم کی غلطی ہو تو براہ کرم مطلع فرما کر دل کی گہرائیوں سے شکریہ کا موقع بخشیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں غلطیوں کا ازالہ ہوسکے۔

# ''مقدمہ''

کسی بھی تصنیف کا دیباچہ یا مقدمہ لکھنا کوئی معمولی بات نہیں بلکہ انتہائی ذمہ داری ہے کیونکہ کسی بھی کتاب کا مفہوم اس کے دیباچہ میں ہوتا ہے، یعنی اگر میں یہ کہوں کہ سمندر کو کوزے میں بند کر دیا جاتا ہے تو دروغ نہیں یا دوسرے لفظوں میں پوری کتاب کا مفہوم اس کا مقدمہ ہے، نوجوان ملتِ اسلامیہ جو آج کل مغربی تہذیب کے خون آلود پنجوں میں بصد شوق جکڑے جا رہی ہے کو ناطقِ قرآن حضرت علی علیہ اسلام کے توسط سے قرآن مبین کی آئتوں کے مختلف اسباق کی روشنی میں مصنف کو اپنی اس معلوماتی کتاب میں مقصود ہے کہ ان کی اپنی ایک تہذیب ہے، اپنا ایک نظامِ حیات ہے اور لازم ہے کہ ہمیں ان ہی کی پیروی کرنی ہے نہ کہ یہودیت وصہونیت کی، قرآن پاک کی آیتوں کی روشنی میں جو مکتبہ اہلِ بیتؑ کے ذریعے ہم تک پہنچی مصنف کی تحریر اس بات کی متقاضی ہے کہ ہمیں آج بھی کفر و شرک پر بجلی بن کر گرنا ہے اور یہ تب ہی ممکن ہے کہ قرآنی روح کو سمجھ کر اپنے مقصد حیات کو راہ مستقیم پر چلائیں۔

اگر ہم غور کریں تو ہمیں پتہ چلے کہ کتنی عظیم ہے وہ ذات جس نے حضرت انسان کو نیست سے ہست اور عدم سے وجود تک میں لا کر اس پر انعام واکرام کی بارش کر دی ہے، یہ کہہ کر سب کچھ حضرت انسان کے حوالے کر دیا۔''خلق لکم مافی الارض جمیعا''(ترجمہ: یہ سب کچھ تمھارے لیے پیدا کیا ہے) لیکن ساتھ یہ بھی بتا دیا ہے کہ اس کا مقصد خلقت معرفت پروردگار حاصل کرنا ہے۔ جس کو سمجھانے اور بتلانے کے لیے مختلف اوقات میں الہامی کتب کا نزول ہوا اور سب سے آخری کتاب مبین القرآن خلقت کائنات کی رہنمائی کے لیے دنیا میں اتاری گئی۔

مذہب کا اولین اور بنیادی مسئلہ غیب پر ایمان ہے غیب کے اسرار تک اسی کو رسائی ہو سکتی ہے جو خدارسیدہ ہے قرآن مجید نے غیب کی پیش گوئیوں اور کائنات کے اسرار کو اسلام کی سچائی کی سند میں پیش کیا

ہے واقعہ کربلا تاریخ انسانی کا ایک مثالی شاہکار ہے تحفظ دین کے سلسلے میں یہ آخری اور کامل ترین کامیابی ہے اسی کے لیے کتب آسمانی میں اس کی پیش گوئیاں بڑے اہتمام سے ملتی ہیں جو کہ انبیاء سلف کی موت اور اسلام کے دین الٰہی ہونے کا زندہ ثبوت ہے، سورہ توبہ میں ہے توریت انجیل میں ہے کچھ لوگ راہِ خدا میں دشمنانِ الٰہی کو قتل کریں گے اور خود بھی قتل ہو جائیں گے، توریت، انجیل و قرآن کے شہید کے کل اوصاف کا مرقع حضرت امام حسینؑ ہیں، سورہ احقاف میں ایک ایسے انسان کا ذکر ہے جسے اس کی ماں نے رنج کے ساتھ پیٹ میں رکھا اور رنج ہی میں جنم دیا اس کے پیٹ میں رہنے اور دودھ بڑھانے کی تیس مہینہ بتائی ہے حضرت امامِ حُسینؑ اس آیت کے پورے پورے مصداق ثابت ہوئے۔ مائیں بچوں کے آثار ولادت پر خوش ہوتی ہیں مگر جب امامِ حُسینؑ شکم مادر میں آئے تو جبرائیل نے رسولِ خداؐ کو خبر دی کہ فاطمہ کا ایک فرزند ہوگا جسے آپ کی اُمت قتل کرے گی اس کا طبعی نتیجہ یہ تھا کہ اس موقع پر سیدہ طاہرہ غمگین تھیں بحار انوار مجلسی (ج۔۱۰) میں لکھا ہے کہ امامِ حُسینؑ شکمِ خاتونِ جنت میں فرماتے تھے، اے میری مادر محترم میں پیاسا قتل کیا جاؤں گا، اور قتل کے بعد میرے جسم پر کپڑے بھی نہیں رہیں گے۔ توریت کے صحیفہ یسیاہ (السبع) میں ایسا ہی ایک حوالہ ملتا ہے، ہماری قبر کی کس نے تصدیق کی، دست خدا کس لیے ظاہر ہوا، اس نے تصدیق کی جو یداللہ ہے اسی طرح پھوٹ نکلا جس طرح سوکھی زمین سے جڑ یا کونپل نکلتی ہے یداللہ حضرت علیؑ ہیں، اور خشک کونپل سے مراد خاتونِ جنت کا قلبِ مبارک ہے جو امام حُسینؑ کی متواتر خبر شہادت سے بے حد المناک تھا، خدا کی کتاب میں بیس آیتیں ہیں جن میں حیوانوں اور ان سے حاصل ہونے والے فائدوں کا ذکر ہے یقیناً ان میں بہت سی باتیں ایسی ہوں گی جن کو آج تک دنیا کے لوگ نہ جانتے ہوں سات آیتوں کا ترجمہ اور ان کے بارے میں چند مختصر باتیں یقیناً دلچسپ ہوں گی، خدا کا ارشاد ہے۔

خدا نے اس کو اپنی رحمت سے دور کر دیا، اس نے (یعنی شیطان نے) کہا کہ میں تیرے بندوں میں سے ایک حصہ مقررہ لے لوں گا اور میں ان لوگوں کو گمراہ کروں گا اور میں ان پر حکم کروں گا، تو وہ جانوروں کے کان چاک کر دیں گے۔ (سورہ نساء ۱۱۰)

زمین پر جو چوپائے ہیں اور وہ طائر جو اپنے پروں سے اُڑتے ہیں یہ تمھاری ہی طرح امتیں ہیں اور

ہم نے اپنی کتاب میں کسی چیز کی کمی نہیں رہنے دی۔ (سورہ انعام)

اور جانوروں میں کچھ اُڑنے والے ہیں کچھ زمین میں رہنے والے ہیں تو تم لوگوں کو جو خدا نے رزق دیا ہے اسی میں سے کھاؤ اور شیطان کے قدموں پر نہ چلو وہ یقیناً تمھارا کھلا دشمن ہے۔ (سورہ انعام)

اور جانوروں کو ہم نے پیدا کیا، اس میں تمھارے لیے گرمی ہے اور نفع پہنچانے والی چیزیں ہیں اور ان ہی سے تم کھاتے ہو۔ (سورہ نحل)

اور جانوروں میں تمھاری زینت ہے جب ان کو شام کو لاتے ہو اور جبکہ صبح کو چرنے کے لیے چھوڑتے ہو۔

اور یہ تمھارے بوجھ کو شہر تک پہنچاتے ہیں تم جس کو شدید مشقت کے بغیر بھی پہنچا سکتے تھے یقیناً پروردگار مہربان اور رحیم ہے۔ (سورہ انعام)

اور گھوڑا، خچر، گدھا تا کہ تم ان پر سواری کرو اور زینت بنیں اور خدا ایسی چیزیں پیدا کرتا ہے جن کو تم نہیں جانتے ہو۔ (سورہ انعام)

قرآن مجید میں یقیناً انسان کی زندگی کے تمام امور موجود ہیں جن لوگوں نے جس مسئلے میں کوششیں کیں قرآن مجید سے اس مسئلے کا صحیح حل ضرور مل گیا، پھر بھی قرآن مجید میں باتیں تلاش کرنے والوں کی بہت کمی ہے، مثال کے طور پر ۳۲ آیتیں ایسی ہیں ہیں جن میں مومنین کی خصوصیات بیان کی گئی ہیں، مثلاً دیکھیے، سورہ بقرہ آیت ۲۵۰، ۲۵۹، سورہ انعام آیت نمبر ۱۲۲، سورہ توبہ ۲۷، سورہ توبہ ۱۲۵، سورہ آلِ عمران ۱۷۳۔

قرآن مبین نے ناطق قرآن حضرت امیر المومنین مولا علیؑ کے ارشادِ الٰہی کو درس توحید یت کے ساتھ ساتھ عظمت انسان کو بھی دین کے جز و لازمی کے طور پر قرار دیا اور بتلایا ہے کہ اپنے پورے وسائل بروئے کار لاتے ہوئے انسان کا معراج انسانیت کے لیے کام کرنا قرآن مبین کی شمع کی شعاعیں ہیں، قرآن مجید کی ان ہی اوصاف کو علامہ الحاج غلام علی عارفی نے اپنی کتاب ''تو لائے نور'' میں نہایت خوب صورت پیرائے میں مختلف اسباق میں بیان کیا ہے اور حیات انسانی کی مختلف اقدار کو مکتبہ آلِ محمد کی روشنی میں قرآن مجید کی آیتوں سے روشناس کرایا ہے، انقلاب اسلامی ایک معنوی اور فکری انقلاب ہے جو

کہ ایک حقیقی تمدن اور معاشرہ کی تشکیل کرتا ہے جو تصورات سے ہٹ کر جہد مسلسل اور راہ حق کا پیغام دیتا ہے، علامہ غلام علی عارفی نے انسانی معاشرے کے تمام پہلوؤں کو مختلف اسباق میں تقسیم کر کے تفہیم قرآن کو جہاں نو جوان طبقہ کے لیے ایک گرانقدر تحفہ دیا۔ ہے وہاں علمائے کرام، دانشوران اسلام، مفکرین عالم کے لیے مختلف پہلو کے مفہوم کے آسان اشارے نمایاں کر دیئے ہیں، مؤلف موصوف نے اپنی اس کتاب میں انہی اوصاف کو مختلف ابواب میں نہایت خوب صورت اور آسان فہم پیرائے میں بیان کیا ہے خدائے بزرگ و برتر سے دعا گو ہوں کہ جناب علامہ الحاج غلام علی عارفی صاحب کو صدقہ پنجتن پاک محمدؐ و آلِ محمدؐ کے اور زیادہ توفیق سے نواز دے کہ وہ اس اخوت اسلامی بھائی چارہ، دین محمدی اور عظمت مکتبہ اہلِ بیت کے لیے اپنی زندگی کو پوری طرح وقف کر دیں۔ اور ادارہ تبلیغ تعلیمات اسلامی پاکستان کے عہدیداروں کی توفیقات میں افاضہ فرمائے جنھوں نے اشاعت کے مراحل طے کیئے۔

دعا گو سید حسن رضا رضوی
انجمن محبان اہلِ بیتؑ کوئٹہ بلوچستان

# تولائے نور ایک بہترین تحفہ

قرآن کریم وہ مقدس کتاب ہے جو کہ تمام مسائل کا حل الجھنوں کی وضاحت اور ہلاکت سے نجات، شفاعت اور فصاحت کا نمونہ ہے یہ وہ مضبوط سہارا بلند پایہ اور شفاء کامل ہے جس کے ذریعے تشنگانِ علم وعمل فیض حاصل کر سکتے ہیں اِس کتابِ مبین میں ہر خشک وتر کا ذکر، اِس کا لحن دلکش، ہدایت کا چراغ، اِس میں اپنوں سے تولا، کہیں بیگانوں سے تبرا، اِس میں اچھوں پر رحمت، بروں پر لعنت، یہ وہ گوہرِ نایاب ہے جس میں انمول موتی اور غیب کے خزانے ہیں۔ برادرِ معظم فاضلِ جلیل ثقۃ الاسلام پیکرِ خلق و وفا اجرت مولانا غلام علی عارفی صاحب فاضلِ قم نے قرآن مجید میں چھپے ہوئے نقاط کو ظاہر کرنے کی سعی فرما کر ایک بہترین تحفہ قوم کی خدمت میں پیش کیا ہے نوجوان نسل اور علم کے متلاشی افراد کے لیے یہ ایک روشنی کا مینارہ ثابت ہوگی۔ خداوند عالم مولا موصوف کی توفیقات میں اضافہ فرمائے اور مزید اِس قسم کی کاوشیں کرنے کی سعادت عطا فرمائے آمین۔

حقیر

مولانا سید محمد نقوی

# عرض ناشر

تولائے نور حجتہ الاسلام مولانا غلام علی عارفی صاحب کی نوری کاوش آنے والی نسل کے لیے مشعلِ ہدایت ہوگی کیونکہ ہمارے ادارے کے تمام پروجیکٹ جن میں مدرسہ مہدیہ، یتیم خانہ سائبانِ سکینہ، مسجدِ باب الحوائج، امام بارگاہ باب الحوائج، کمپیوٹر پروجیکٹ، شعبہ ادب و صحافت، عالمی امامیہ میگزین، صدائے کربلا کے علاوہ چالیس سے زائد کتب کی اشاعت کے انتظامات شامل ہیں۔ یہ کتاب قرآنِ مجید کے حوالے سے منفرد اور ممتاز ثابت ہوگی مولانا موصوف نے انتھک محنت سے اس معلومات کے خزانہ میں قرآنِ مجید کے مختلف گوشے آشکار کیے ہیں۔ خداوند عالم آپ کی توفیقات میں اضافہ فرمائے۔ مومنین و معزز حضرات سے اِس ادارے سے تعاون کی پرزور اپیل ہے ہمارے پاس تمام مجتہدین کے اجازے موجود ہیں اور پروگرام دیرپا اور مسلسل ہیں لہٰذا خمس نذرات اور عطیات سے مدد باعث اجر و ثواب ہوگی۔

دعا گو

سید محمد آصف شاہ حسینی

سیکریٹری جنرل

ادارۂ تبلیغ تعلیماتِ اسلامی پاکستان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع کرتا ہوں خدا کے نام سے جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ

سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔ بہت مہرباں نہایت رحم والا ہے۔

يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا

جو قیامت کے دن کا مالک ہے۔ (اے اللہ) ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ ہی سے

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝

مدد چاہتے ہیں۔ ہمیں سیدھے راستے پر ہدایت کر تارہ۔ ان لوگوں کا راستہ جنھیں تو نے اپنی

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

نعمتیں عطا کیں نہ کہ ان کا جن پر غضب کیا گیا اور نہ گمراہوں کا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

۱۔ س استعاذہ سے کیا مراد ہے؟

تلاوت قرآن شروع کرنے سے پہلے اعوذ باللہ من الشیطن الرحیم کہنا۔

۲ تسمیہ سے کیا مراد ہے؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کی تلاوت کو تسمیہ کہتے ہیں۔

۳ ترجمہ سے کیا مراد ہے؟

قرآن مجید کے مطالب کو کسی دوسری زبان میں منتقل کرنا۔

۴ تفسیر سے کیا مراد ہے؟

قرآن مجید کے غیر ظاہر مطالب کی نقاب کشائی کرنا، اس کا بہترین ذریعہ خود قرآن مجید ہے۔

۵ تاویل سے کیا مراد ہے؟

لغت میں تاویل سے مراد اصلی جگہ پر لوٹانا ہے اس طرح کسی کام کو مکمل کرنا یا کسی مفہوم کو مکمل بیان کرنا تاویل کہلاتا ہے جیسا کہ جناب خضرؑ نے اعمال کی بنیاد کو تاویل سے تعبیر کیا تھا۔

۶ تفسیر بالرائے سے کیا مراد ہے؟

آیات مجیدات کی من مانی تشریح کرنا، قرآن مجید کے حوالے سے اپنے ذاتی نظریات کی ترویج کرنا، کسی محکم آیت مجیدہ کی تصدیق یا کسی موثق و معتبر خبر کے بغیر کسی آیات کی تشریح کرنا، یا آئمہ اطہار سے روایت کے بغیر کسی آیت کے باطن سے متعلق رائے قائم کر لینا، تفسیر بالرائے کہلاتا ہے۔

۷ محکم و متشابہ سے کیا مراد ہے؟

محکم وہ آیت جس کا مفہوم براہ راست واضح ہو۔ متشابہ وہ آیت جس کے مفہوم کی وضاحت کے لیے دیگر وسائل درکار ہوں۔

۸ قرآن مجید کی سب سے لمبی آیت کونسی ہے؟

سورہ بقرہ کی آیت نمبر ۲۸۲۔

۹ قرآن مجید کی سب سے چھوٹی آیت کونسی ہے؟

سورہ رحمٰن کی آیت نمبر ۶۴۔

۱۰ قرآن مجید کی سب سے پہلے نازل ہونے والی آیت کون سی ہے؟

سورہ علق کی پہلی آیت ''اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ''۔

۱۱ قرآن مجید کی سب سے آخر میں کونسی آیت نازل ہوئی ہے؟

سورہ مائدہ کی آیت نمبر۔۳ ''اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ''۔

۱۲ قرآن مجید کی کس آیت کو سردارالآیات کہا جاتا ہے؟

آیت الکرسی کو۔

۱۳ قرآن مجید کی وہ آیات کونسی ہیں جن میں عربی حروف تہجی کے تمام ۲۸ حروف ذکر ہوئے ہیں؟

سورہ فتح کی آخری آیت، سورہ آلِ عمران کی آیت نمبر ۱۵۴۔

۱۴ قرآن مجید میں سجدہ والی پہلی آیت کس پارے میں ہے؟

نویں پارے میں۔

۱۵ قرآن مجید میں کل کتنی آیتیں ایسی ہیں جن پر سجدے کا حکم ہے؟

پندرہ آیتیں۔

۱۶ کتنی آیتوں پر سجدہ کرنا واجب ہے؟

چار آیتوں پر سجدہ واجب ہے۔ (۱) سورہ سجدہ آیت نمبر ۱۵ (۲) سورہ علق آیت نمبر ۱۹ (۳) سورہ نجم آیت نمبر ۶۲ (۴) سورہ فصلت آیت نمبر ۳۷۔

۱۷ قرآن مجید کی کتنی آیتوں پر سجدہ کرنا مستحب ہے؟

گیارہ آیتوں پر (۱) سورہ اعراف آیت نمبر ۲۰۶ (۲) سورہ رعد آیت نمبر ۱۵ (۳) سورہ نحل آیت نمبر ۴۸ (۴) سورہ بنی اسرائیل آیت نمبر ۱۰۷ (۵) سورہ مریم آیت نمبر ۵۸ (۶) سورہ حج آیت نمبر ۱۸ (۷) سورہ حج آیت نمبر ۷۷ (۸) سورہ فرقان آیت نمبر ۶۰

(۹) سورہ نمل آیت نمبر ۲۵ (۱۰) سورہ ص آیت نمبر ۲۴ (۱۱) سورہ انشقاق آیت نمبر ۲۱۔

۱۸ وہ کونسی آیت ہے جو ایک ہی سورت میں ۳۱ مرتبہ ذکر ہوئی ہے؟

سورہ رحمٰن آیت۔ فبای الآء ربکما تکذبان ہے۔

۱۹ لفظ آیت کے لفظی معنی کیا ہیں؟

نشان، عبرت، پند و نصیحت۔

۲۰ قرآن مجید کی سب سے جامع آیت کونسی ہے؟

سورہ زلزال کی آخری آیت۔ فمن یعمل مثقال ذرۃ خیراً یرہ و من یعمل مثقال ذرّۃٍ شراً یرہ۔

۲۱ قرآن مجید کی سب سے زیادہ غمناک آیت کونسی ہے؟

من یعمل سوءً یجز بہ۔

۲۲ قرآن مجید کی سب زیادہ پُرامید آیت کونسی ہے؟

لاتقنطوا من رحمۃ اللہ۔

۲۳ سب سے زیادہ توکل پیدا کرنے والی آیت کونسی ہے؟

و من یتوکل علی اللہ فھو حسبہ۔

۲۴ پردے کے متعلق آیت کب نازل ہوئی؟

۵ ہجری میں۔

۲۵ قرآن پاک کی پہلی وحی کتنی آیات پر مشتمل ہے؟

۵ آیات پر۔

۲۶ قرآن مجید میں ۳ آیات والی ۳ سورتیں موجود ہیں ان کے نام بتائیں؟

سورہ عصر، سورہ نصر، سورہ کوثر۔

۲۷ قرآن مجید کی کس آیت کو آیت اضطرار کہا جاتا ہے؟

سورہ بقرہ کی آیت ۱۷۳ کو کہا جاتا ہے۔

۲۸ اہل بیت کی فضیلت کا ذکر قرآن مجید میں کتنی جگہوں پر آیا ہے؟

۱۴ مقامات پر۔

۲۹ حضرت امامِ زمانہ علیہ السلام خانہ کعبہ سے ظہور فرمانے کے بعد سب سے پہلے کس آیت کی تلاوت کریں گے۔

سورۂ ھود کی آیت نمبر ۸۶ کی تلاوت کریں گے۔ بقیۃ اللہ خیر لکم ان کنتم مؤمنین۔ اگر تم سچے مومن ہو تو بقیۃ اللہ تمھارے واسطے کہیں اچھا ہے۔

۳۰ قرآن مجید میں کل کتنے پارے ہیں؟

کل ۳۰ پارے ہیں۔

۳۱ سی پارہ کونسی زبان کا لفظ ہے؟

فارسی زبان کا۔

۳۲ قرآن حکیم میں کتنے حزب ہیں؟

۱۲۰ حزب ہیں۔

۳۳ قرآن مجید میں کل کتنے رموز واوقاف ہیں؟

۳۱۵ رموز واوقاف ہیں۔

۳۴ قرآن مجید میں حروف مقطعات کی تعداد کتنی ہے؟

۲۰۔

۳۵ قرآن مجید میں اعراب کونسے سال میں لگائے گئے؟

۴۳ ہجری میں۔

۳۶ قرآن مجید میں کل آیات کتنی ہیں؟

۶۶۶۶ آیات ہیں۔

۳۷ قرآن مجید میں لفظِ بسمہ اللہ کتنی مرتبہ آیا ہے؟

۱۱۵ مرتبہ۔

۳۸ دنیا میں سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب کونسی ہے؟

قرآن مجید۔

۳۹ قرآن پاک کا موضوع کیا ہے؟

انسان۔

۴۰ کس نماز میں قرآن پاک کی تلاوت نہیں کی جاتی ؟

نماز جنازہ میں۔

۴۱ لفظِ قرآن مجید کن سورتوں میں آیا ہے؟

سورہ بقرہ، سورہ یونس، سورہ بنی اسرائیل، سورہ طٰہٰ، سورہ فرقان، سورہ نحل، سورہ روم۔

۴۲ قرآن مجید میں کل کتنی منزلیں ہیں؟

سات منزلیں ہیں۔

۴۳ وہ کونسی آسمانی کتاب ہے جسے اقساط وحصص کی صورت میں نازل کیا گیا؟

قرآن مجید۔

۴۴ قرآن مجید کو فرقان بھی کہا جاتا ہے اس کے کیا معنی ہیں؟

فرقان سے مراد ایسی شے ہے جس کے ذریعے حق و باطل میں امتیاز روا رکھا جا سکے۔

۴۵ قرآن مجید میں لفظِ اللہ کتنی بار آیا ہے؟

۲۵۸۴بار۔

۴۶ قرآن مجید میں لفظ نور اور ظلمات کتنی کتنی مرتبہ استعمال ہوئے ہیں؟

دونوں ۲۳، ۲۳ مرتبہ استعمال ہوئے ہیں۔

۴۷ قرآن مجید میں لفظ دنیا و آخرت کتنی مرتبہ استعمال ہوئے ہیں؟

۱۱۵مرتبہ۔

۴۸ قرآن مجید میں لفظ موت و حیات اور ان کے مشتقات کتنی مرتبہ استعمال ہوئے ہیں؟

۱۴۵مرتبہ۔

۴۹ قرآن مجید لفظ صالحات اور سیئات کتنی مرتبہ استعمال ہوا ہے؟

۱۶۷مرتبہ۔

۵۰ قرآن مجید میں لفظ شیطان اور ملائکہ کتنی مرتبہ استعمال ہوا ہے؟

۹۰مرتبہ۔

۵۱ قرآن مجید میں لفظ ایمان اور ان کے مشتقات کتنی مرتبہ استعمال ہوئے ہیں؟

۸۱۱مرتبہ۔

۵۲ قرآن مجید میں لفظ شہر (مہینہ) کتنی مرتبہ استعمال ہوا ہے؟

۱۲ مرتبہ۔

۵۳ قرآن مجید میں لفظ یوم (دن) کتنی مرتبہ استعمال ہوا ہے؟

۳۶۵ مرتبہ۔

۵۴ قرآن مجید میں آیات امر و نہی کتنی جگہوں پر ذکر ہوئی ہیں؟

آیات امر ایک ہزار مرتبہ، آیات نہی بھی ایک ہزار مرتبہ۔

۵۵ آیات قصص کی تعداد کتنی ہے؟

ایک ہزار۔

۵۶ آیات امثال کی تعداد کتنی ہیں؟

ایک ہزار۔

۵۷ آیات حلال و حرام کی تعداد کتنی ہیں؟

ایک ہزار۔

۵۸ قرآن مجید میں نماز کی تاکید کتنی بار کی گئی ہے؟

سات سو بار۔

۵۹ کتنے سال تک نزول قرآن کا سلسلہ جاری رہا؟

۲۳ سال تک۔

۶۰ مکہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر کتنے عرصے تک نزول وحیِ قرآن جاری رہا؟

۱۰ سال تک۔

۶۱ مدینہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر کس وقت سے لیکر کس وقت تک قرآن مجید نازل ہوتا رہا۔

ایک ہجری سے ۱۰ ہجری تک۔

۶۲ قرآن مجید میں انسان انسان کو کن دو گرہوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟

| | |
|---|---|
| مقبول | مردود |
| اولیاء اللہ | اولیاء الشیطان |
| حزب اللہ | حزب الشیطان |

| | |
|---|---|
| **اصحاب الجنّة** | **اصحاب النار** |
| **اصحاب الیمین** | **اصحاب الشمال** |
| **اصحاب المیمنہ** | **اصحاب المشئمہ** |
| **مومن** | **کافر** |
| **صاحب ایمان** | **منافق** |

۶۳ قرآن مجید میں جن قوموں کے حالات رقم کیئے گئے ہیں ان کی تفصیل بیان کریں؟

عاد و ثمود، سبا، مجوس، صائبین، اصحاب الایکہ، اصحاب الحجر، اصحاب الراس، ارم ذات العماد، اصحاب الاخدود، اصحاب القریۃ، اصحاب کہف، بنی اسرائیل، اصحاب السبت، اہلِ کتاب، یہود و نصاریٰ، یاجوج و ماجوج، اصحاب الفیل، قریش۔

۶۴ قرآن مجید میں منافقین کو کس چیز سے تشبیہ دی گئی ہے؟

سہارے سے لگائی ہوئی لکڑیوں سے (منافقون آیت نمبر ۵)

۶۵ قرآن مجید میں کس چیز کے ذریعے کافروں سے جہاد کرنے کا حکم دیا گیا ہے؟

قرآن مجید کے ذریعے۔ **وجاھدھم بہ جھاداً کبیراً**۔ (فرقان آیت نمبر ۵۴)

۶۶ قرآن مجید میں سب سے بہترین لباس کس لباس کو قرار دیا گیا ہے؟

تقویٰ کے لباس کو۔ **ولباس التقویٰ ذالک خیر** (اعراف آیت نمبر ۱۵۸)

۶۷ قرآن مجید میں کن فرشتوں کے نام آئے ہیں؟

حضرت جبرائیل، حضرت میکائیل، حضرت ہاروت، حضرت ماروت۔

۶۸ قرآن مجید میں حضرت جبرائیل امین کے کون کون سے صفاتی نام آئے ہیں؟

روح الامین اور روح القدس کے۔

۶۹ قرآن مجید نے دنیا کے کس گھر کو قدیم ترین گھر قرار دیا گیا ہے؟

بیت اللہ (خانہ کعبہ) کو

۷۰ دنیا کی قدیم ترین مسجد تعمیر کرنے والے کا نام بتائیں؟

حضرت آدم علیہ السلام۔

۱۔ قرآن میں کن مساجد کا ذکر آیا ہے؟

(۱) مسجد الحرام، مکے میں (۲) مسجد اقصیٰ، بیت المقدس میں (۳) مسجد نبوی، مدینہ میں
(۴) مسجد قبا، مدینہ میں (۵) مسجد ضرار، مدینہ میں۔

۷۲ قرآن مجید میں مکہ مکرمہ کے لیے کون سے الفاظ استعمال ہوئے ہیں؟

مکہ، وادی غیر ذی زرع، بلد الامین۔

۷۳ خانہ کعبہ کے بعد دوسری قدیم ترین مسجد کا نام بتائیں؟

مسجد قبا۔

۷۴ تحویل کعبہ (قبلہ بدلنے کا حکم) کس مسجد میں نازل ہوا تھا؟

مدینہ کی مسجد ذو قبلتین میں۔

۷۵ قرآن مجید کے کس سورے میں مسجد ضرار کا تذکرہ ہے؟

سورہ توبہ آیت نمبر ۱۰۷۔

۷۶ قرآن مجید میں لفظ قل کتنے مقامات پر آیا ہے؟

۳۳۲ مقامات پر۔

۷۷ قرآن مجید میں لفظ امام کتنے مقامات پر آیا ہے؟

۱۲ مقامات پر۔

۷۸ قرآن مجید میں یوم الفرقان کس دن کو کہا گیا ہے؟

غزوہ بدر کو۔

۷۹ قرآن مجید میں کل کتنے سورے ہیں؟

۱۱۴ سورے ہیں۔

۸۰ قرآن مجید میں لفظ سورہ کتنی بار استعمال ہوا ہے؟

سات بار۔

۸۱ قرآن مجید کے کس سورے میں دو مرتبہ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ذکر ہوئے ہیں؟

سورہ نمل میں۔

۸۲ قرآن مجید کے ایک سورے کا نام شکر، نور، الکتاب اور سبع المثانی ہے۔ اس سورے کے دو مشہور نام بتائیں؟

سورہ حمد اور فاتحہ الکتاب ہیں۔

۸۳ ان سورتوں کے نام بتائیں جو پروردگار عالم کے صفات میں سے ہیں؟

سورہ نور، سورہ فاطر، سورہ رحمٰن، سورہ اعلیٰ۔

۸۴ قرآن مجید کے اس سورے کا نام بتائیں جو ایک خاتون کے نام پر ہے؟

سورہ مریم۔

۸۵ قرآن مجید کے ان دو سوروں کا نام بتائیں جو اصولِ دین میں سے دو کے نام پر ہے؟

سورہ توحید اور سورہ قیامت۔

۸۶ قرآن مجید کے اس سورے کا نام بتائیں جو فروعِ دین میں سے ایک کا نام ہے؟

سورہ حج۔

۸۷ قرآن مجید کی کونسی سورہ لو ہے کہ نام پر ہے؟

سورہ حدید۔

۸۸ کس سورے کا اختتام دعا سے ہوتا ہے؟

سورہ بقرہ۔

۸۹ کتنی سورتوں کا آغاز بددُعا سے ہوتا ہے؟

تین سورتوں کا، سورہ لہب، ہمزہ، مطففین۔

۹۰ وہ کونسی سورہ ہے جو ایک مرتبہ مکہ میں اور ایک مرتبہ مدینے میں نازل ہوئی؟

سورہ فاتحہ۔

۹۱ اس مخلوق خداوندی کا نام بتائیں جو نہ انسان ہے نہ فرشتہ اور نہ حیوان، قرآن کی ایک سورہ اسی کے نام پر ہے؟

جن، سورہ جن۔

۹۲ اس سورے کا نام بتائیں جو ایک میوے کے نام پر ہے، نیز پروردگارِ عالم نے اسی میوے کی قسم کھائی ہے؟

سورہ تین (والتین)۔

۹۳ اس سورے کا نام بتائیں جو ایک اردو ہندسے کے نام پر ہے؟

سورہ تین۔

۹۴ اس سورے کا نام بتائیں جو زمانے کے نام پر ہے؟

سورہ دھر۔

۹۵ ان سوروں کا نام بتائیں جو شب وروز کے چند اوقاف کے نام پر ہیں۔

فلق، عصر، لیل اور فجر۔

۹۶ قرآن مجید کی ان دو سورتوں کا نام بتائیں جو ۱۲ آیات پر مشتمل ہیں؟

سورہ تحریم، سورہ طلاق۔

۹۷ وہ سورہ کونسی ہے جو ایام ہفتہ میں سے ایک کے نام پر ہے؟

سورہ جمعہ۔

۹۸ وہ کونسی سورہ ہے جو حرف ''ز'' سے خالی ہے؟

سورہ اخلاص۔

۹۹ وہ کونسی سورہ ہے جس میں حرف ''ف'' نہیں ہے؟

سورہ حمد۔

۱۰۰ قرآن مجید کی سب سے بڑی سورہ کا نام بتائیں؟

سورہ بقرہ۔

۱۰۱ قرآن مجید کی سب سے چھوٹی سورہ کا نام بتائیں؟

سورہ کوثر۔

۱۰۲ قرآن مجید کی پہلی سورہ کا نام بتائیں؟

سورہ حمد۔

۱۰۳ قرآن مجید کی آخری سورہ کا نام بتائیں؟

سورۂ الناس۔

۱۰۴ سب سے پہلے کونسی سورہ نازل ہوئی؟

سورہ علق۔

۱۰۵ پہلی سورہ کہاں نازل ہوئی؟

مکہ میں۔

۱۰۶ سب سے آخر میں کونسی سورہ نازل ہوئی؟

سورہ نصر۔

۱۰۷ آخری سورہ کہاں نازل ہوئی؟

مدینہ میں۔

۱۰۸ قرآن مجید کے کتنے سورے لفظ ''قُل'' سے شروع ہوتے ہیں؟

پانچ سورے۔ (۱) سورہ جن (۲) سورہ کافرون (۳) سورہ اخلاص (۴) سورہ فلق (۵) سورہ ناس۔

۱۰۹ وہ کونسی سورہ ہے جس کی تمام آیات میں کلمہ مبارک اللہ کا ذکر ہے؟

سورہ مجادلہ کی تمام آیات میں کلمہ مبارک اللہ کا ذکر ہوا ہے۔

۱۱۰ معراج رسول کا تذکرہ کس سورہ میں ہے؟

سورہ اسراء میں۔

۱۱۱ قرآن مجید کی کس سورہ میں سب سے زیادہ احکام ہیں؟

سورہ بقرہ۔

۱۱۲ قرآن مجید کی وہ کونسی سورہ ہے جو اگر نماز میں نہ پڑھی جائے تو نماز نہیں ہوتی؟

سورہ فاتحہ۔

۱۱۳ قرآن مجید کے کتنے پارے ایسے ہیں جن کا آغاز سورہ سے ہوتا ہے؟

پارہ نمبر ۱۴، ۱۵، ۱۷، ۱۸، ۲۶، ۲۸، ۲۹، ۳۰۔

۱۱۴ وہ کونسی سورہ ہے جس میں حرف ''م'' نہیں؟

سورہ کوثر۔

۱۱۵ وہ کونسی سورہ ہے جس میں صرف ایک زیر استعمال ہوا ہے؟

سورہ توحید، ''یَلِدِ'' ہے۔

۱۱۶ وہ کونسی سورہ ہے جس کا نام اگر آخر سے پڑھا جائے تو بھی مثل حالت سابق پڑھی جائیں گی؟

سورہ تبت، سورہ لیل۔

۱۱۷ صاحبانِ علم کے ہتھیار کے نام پر کونسی سورہ قرآن مجید میں موجود ہے؟
سورہ قلم۔
۱۱۸ کونسی سورہ قلب قرآن (یعنی قرآن کا دل) کے نام سے مشہور ہے؟
سورہ یٰسین۔
۱۱۹ قرآن مجید کے کس سورے کو عروس القرآن کہا جاتا ہے؟
سورہ رحمٰن کو۔
۱۲۰ بندوں کے زبان حال میں کونسی سورہ نازل ہوئی؟
سورہ حمد۔
۱۲۱ قرآن پاک میں کل کتنی خواتین کا ذکر ہے؟
۱۳ خواتین کا۔
۱۲۲ قرآن مجید کی کونسی سورہ عورتوں کے نام پر ہے؟
سورہ نساء۔
۱۲۳ حضرت عیسیٰؑ کی والدہ کے نام پر کونسی سورہ ہے قرآن مجید میں؟
سورہ مریم۔
۱۲۴ سورہ کوثر کس عظیم خاتون کی شان میں نازل ہوئی ہے؟
شہزادیِ کونین حضرت فاطمہ زہراؑ کی شان میں۔
۱۲۵ کس نبی کی والدہ پر بھی وحی نازل ہوئی ہے؟
مادرِ موسیٰ علیہ السلام پر۔
۱۲۶ قرآن مجید میں کس خاتون کو صاحبان ایمان کے لیے نمونہ قرار دیا ہے؟
زوجہ فرعون حضرتِ آسیہ کو۔
۱۲۷ قرآن مجید میں دو بدکردار عورتوں کا ذکر آیا ہے وہ دونوں کون تھیں؟
زوجہ حضرت نوحؑ، زوجہ حضرتِ لوطؑ۔
۱۲۸ قرآن مجید کے کس سورے متعلق تاکید کی گئی ہے کہ عورتیں زیادہ سے زیادہ اس سورے کی تلاوت کریں۔

سورہ نور۔

۱۲۹ کس نبی نے زرہ تیار کی؟

حضرت داؤد علیہ السلام نے۔

۱۳۰ کس نبی کے لیے اللہ تعالیٰ نے ہوا کو مسخر کیا تھا؟

حضرت سلیمان علیہ السلام کے لیے۔

۱۳۱ کن سورے کے نام صرف ایک حرف پر مشتمل ہے؟

سورہ ق اور سورہ ص۔

۱۳۲ کتنے سورتوں کا نام صرف ۲ حروف پر مشتمل ہے؟

سورہ یٰس، سورہ طٰہٰ۔

۱۳۳ کتنی سورتوں کا نام صرف ۳ حروف پر مشتمل ہے؟

سورہ نور، سورہ کہف، سورہ نمل۔

۱۳۴ کتنی سورہ کے نام چار حروف پر مشتمل ہیں؟

سورہ دخان، سورہ زخرف، فاطر، بروج، مریم

۱۳۵ کتنی سورتوں کے نام پانچ حرفی ہیں؟

سورہ احقاف، سورہ حجرات، سورہ تغابن، سورہ تحریم، سورہ غاشیہ۔

۱۳۶ کتنی سورتوں کے نام چھ حرفی ہیں؟

سورہ کافرون ، سورہ مجادلہ ، سورہ انفطار ، سورہ ممتحفہ، سورہ انشقاق۔

۱۳۷ احزاب یا حصص قرات کے اعتبار سے قرآنی سورتوں کی معروف قسمیں کتنی اور کون سی ہیں؟

طوال، مئین، مثانی اور مفصل ہیں۔

طوال: وہ تمام سورتیں جن کا آغاز بقرہ سے اور اختتام برائت پر ہوتا ہے۔

مئین: وہ سورتیں ہیں جو کہ سو یا سو سے زیادہ آیات پر مشتمل ہیں۔

مثانی: مئین سے ملی ہوئی سورتیں ہیں یہ سورتیں سو سے کم آیات پر مشتمل ہیں۔

مفصل: یہ تمام سورتوں کا مجموعی نام ہے جن میں فواصل یعنی بسم اللہ کا اندراج کثرت سے

ہے۔

۱۳۸ مکی سورتوں کی چند پہچان بتائیں؟

ہر وہ سورہ جس میں لفظ ''کلا'' مذکور ہو۔

ہر وہ سورہ جس میں تخاطب ''ایھا الناس'' کے الفاظ ہوں۔

ہر وہ سورہ جس انبیاء اور اُمم سابقہ کا تذکرہ ہو۔

۱۳۹ تیسویں پارے میں کل کتنی سورتیں ہیں؟

اس پارے میں ۳۷ سورتیں ہیں۔

۱۴۰ قرآن مجید کے اس پارے کا نام بتائیں جس کی تمام سورتیں مکی ہوں؟

(وقال الذین) ۲۹ پارہ۔

۱۴۱ وہ کون سے پارے ہیں جس میں صرف ایک سورہ ہو؟

دوسرا پارہ (سیقول) اور پانچ نمبر پارہ والمحصنٰت۔

۱۴۲ وہ کونسی سورہ ہے جس کا نام سب سے طولانی ہے؟

سورہ بنی اسرائیل۔

۱۴۳ وہ کونسی سورہ ہے جس کے ذریعے رسول خداؐ نے سب سے پہلے تبلیغ فرمائی؟

سورہ مدثر۔

۱۴۴ وہ کونسی دو سورتیں ہیں جو بیک وقت نازل ہوئیں؟

سورہ فلق اور سورہ ناس۔

۱۴۵ بادشاہ نجاشی کے دربار میں حضرت جعفر طیار نے کس سورے کی تلاوت کی تھی؟

سورہ مریم۔

۱۴۶ قرآن مجید کی ان پانچ سورتوں کا نام بتائیں جن کے نام میں کوئی نقطہ نہیں ہے؟

سورہ محمد، سورہ عصر، سورہ ھود، سورہ طٰہٰ، سورہ دھر۔

۱۴۷ وہ تین سورتیں کونسی ہیں جو تین نبیوں کے نام پر ہیں اور یکے بعد دیگرے ذکر ہوئے ہیں؟

سورہ یونس، سورہ ھود، سورہ یوسف۔

۱۴۸ کتنی سورتوں کا نام انبیاء کرام کے نام پر ہیں؟

سورہ ابراہیم، سورہ محمد، سورہ نوح، سورہ یونس، سورہ ہود، سورہ یوسف۔

۱۴۹ قرآن مجید میں کتنی بار حضور اکرمؐ کو یاایُّھاالنبیؐ کہہ کر خطاب کیا گیا ہے؟

گیارہ مرتبہ۔

۱۵۰ قرآن مجید میں خاتم النبین کس نبی کو کہا گیا ہے؟

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو۔

۱۵۱ ہمارے پیارے نبی کا اسم گرامی کتنی بار قرآن مجید میں ذکر ہوا ہے؟

پانچ مرتبہ۔

۱۵۲ ان نبیوں کے نام بتائیں جن کے باپ بیٹے دونوں نبی تھے؟

حضرت اسماعیلؑ اور ان کے والد حضرت ابراہیمؑ، حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسحاقؑ، حضرت یعقوبؑ اور حضرت یوسفؑ، حضرت داودؑ، حضرت سلیمانؑ، حضرت ذکریاؑ اور حضرت یحییٰؑ۔

۱۵۳ ان نبیوں کے نام بتائیں جو ایک دوسرے کے بھائی تھے۔

حضرت موسیٰؑ، حضرت ہارونؑ، حضرت اسحاقؑ اور حضرت اسماعیلؑ۔

۱۵۴ ان نبیوں کے نام بتائیں جو ہم عصر تھے؟

حضرت خضرؑ، حضرت موسیٰؑ، حضرت ابراہیمؑ، حضرت لوطؑ، حضرت یعقوبؑ، حضرت یوسفؑ۔

۱۵۵ اندھوں کو شفاء اور باءذن اللہ مردوں کو زندہ کرنے والے نبی کون تھے؟

حضرت عیسیٰؑ۔

۱۵۶ کس نبی کو قرآن مجید میں امام الناس کہا گیا ہے؟

حضرت ابراہیم علیہ السلام کو۔

۱۵۷ کس نبی کے لیے آگ گلزار بن گئی تھی؟

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لیے۔

۱۵۸ کس نبی کے بارہ بیٹے تھے؟

حضرت یعقوب علیہ السلام کے۔

۱۵۹ کسی نبی کے قصے کو احسن القصص کہا گیا ہے؟

حضرت یوسفؑ علیہ السلام۔

۱۶۰ کس نبی نے مچھلی کے پیٹ سے اللہ کو پکارا تھا؟

حضرت یونسؑ علیہ السلام نے۔

۱۶۱ کس نبی نے کشتی تیار کی تھی؟

حضرت نوح علیہ السلام نے

۱۶۲ قرآن مجید میں کل کتنے پیغمبروں کے نام آئے ہیں؟

۲۶ پیغمبروں کے نام آئے ہیں۔

۱۶۳ قرآن مجید میں سب سے پہلے کس نبی کا تذکرہ ہے؟

حضرت آدم علیہ السلام کا۔

۱۶۴ قرآن مجید میں سب سے زیادہ کس نبی کا تذکرہ ہوا ہے؟

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا۔

۱۶۵ قرآن مجید میں سب سے پہلے کس نبی کے نام پر سورہ ہے؟

سورہ یونسؑ، حضرت یونس علیہ السلام کے نام پر۔

۱۶۶ ملکہ سبا سے مراد کون ہے؟

حضرت بلقیس۔

۱۶۷ رسولِ خدا کی راہ میں کانٹے بچھانے والی عورت کون تھی؟

زوجہ ابولہب۔

۱۶۸ قرآن مجید میں کن لوگوں کے مکروفریب کو عظیم کہا گیا ہے؟

عورتوں کے مکروفریب کو "ان کیدکن عظیم" (سورہ یوسف آیت نمبر ۳۵)۔

۱۶۹ قرآن مجید کی کونسی آیت ہے جس میں والدہ کا تذکرہ ہے والد کا نہیں؟

سورہ مریم آیت نمبر ۳۲۔

۱۷۰ قرآن مجید میں نیک عورتوں کی صفات کو کس طرح بیان کیا گیا ہے؟

نیک عورتیں وہی ہیں جو شوہروں کی اطاعت کرنے والی اور ان کی غیبت میں ان چیزوں کی حفاظت کرنے والی ہوں جن کی خدا نے حفاظت چاہی ہے۔

۱۷۱ قرآن مجید میں کن سورتوں کے نام جانوروں کے نام پر ہیں؟

سورہ نحل، سورہ نمل، سورہ بقرہ، سورہ فیل، سورہ عنکبوت۔

۱۷۲ قرآن مجید میں ذکر شدہ سب سے بڑے اور سب سے چھوٹے جانور کا نام بتائیں؟

سب سے بڑا جانور ہاتھی، سب سے چھوٹا جانور مچھر۔

۱۷۳ قرآن مجید میں کن چوپایوں کا ذکر آیا ہے؟

گدھا، اونٹ، بندر، کتے۔

۱۷۴ قرآن مجید میں سب سے ناپسندیدہ آواز کس آواز کو قرار دیا گیا ہے؟

گدھے کی آواز کو، سورہ لقمان آیت نمبر ۲۲۔

۱۷۵ قرآن مجید میں کن پرندوں کے نام آئے ہیں؟

کوا، ابابیل، ہدہد۔

۱۷۶ حضرت سلیمان کے خط کو کس پرندے نے ملکہ سبا تک پہنچایا تھا؟

ہدہد۔

۱۷۷ لشکرِ ابرہہ کو شکست دینے والے پرندے کا نام بتائیں؟

ابابیل نے۔

۱۷۸ قرآن مجید میں کن کیڑے مکوڑوں کا ذکر آیا ہے؟

مچھر، چیونٹی، مکھی، مکڑی۔

۱۷۹ اس مکھی کا نام بتائیں جس سے بہترین غذا تولید ہوتی ہے؟

شہد کی مکھی سے بہترین غذا تولید ہوتی ہے۔

۱۸۰ نمرود کے قاتل کا نام بتائیں؟

مچھر۔

۱۸۱ قرآن مجید میں سب سے کمزور گھر کس کو کہا گیا ہے؟

مکڑی کے گھر کو (عنکبوت آیت نمبر ۴۳)۔

۱۸۲ قرآن مجید میں کن پھلوں کے نام آئے ہیں؟

انگور، زیتون، انجیر۔

١٨٣ قرآن مجید میں کن دو ترکاریوں کے نام آئے ہیں؟

پیاز، لہسن۔

١٨٤ لاطینی زبان میں قرآن مجید کا پہلا ترجمہ کس نے کیا تھا؟

فرانس کے پطرس ترابلس نے۔

١٨٥ پطرس ترابلس کا ترجمہ کس کی کوشش سے کب اور کہاں سے شائع ہوا تھا؟

١٥٤٣ء میں سوئزرلینڈ سے۔ مصنف Thodoee Bihliendore کی کوشش سے۔

١٨٦ قرآن پاک کا قدیم ہندی ترجمہ کب اور کس نے کیا تھا؟

٨٨٣ء میں راجہ نہروک نے کیا تھا۔

١٨٧ قرآن پاک کا ہسپانوی ترجمہ سب سے پہلے کس نے کیا تھا؟

١٨٨٤ء میں ڈی رودلس نے کیا۔

١٨٨ قرآن مجید کا جرمن ترجمہ سب سے پہلے کس نے کیا تھا؟

مارٹن لوتھر نے۔

١٨٩ قرآن مجید کا پولش ترجمہ سب سے پہلے کس نے کیا تھا؟

١٨٥٩ء میں برشیکفو نے۔

١٩٠ جمال الدین افغانی کی کوششوں کی بدولت قرآن کا ترجمہ کس زبان میں ہوا؟

یہ روسی زبان میں کیا گیا۔

١٩١ جاپانی زبان میں قرآن مجید کا ترجمہ سب سے پہلے کس نے کیا تھا؟

شیخ عبدالرشید ابراہیم نے۔

١٩٢ عبرانی زبان میں قرآن مجید کا پہلا ترجمہ کس نے کیا؟

یعقوب بن اسرائیل نے۔

١٩٣ اطالوی زبان میں قرآن کا ترجمہ کس نے کیا تھا؟

ہلینس نے۔

١٩٤ گجراتی زبان میں قرآن مجید کا پہلا ترجمہ کس نے کیا؟

حاجی غلام اسماعیل رحمان نے۔

۱۹۵ برمی زبان میں قرآن مجید کا پہلا ترجمہ کس نے کیا تھا؟
مسٹر احمد اللہ نے۔
۱۹۶ مرہٹی زبان میں قرآن مجید کا پہلا ترجمہ کس نے کیا؟
حکیم صوفی میر محمد یعقوب خان نے۔
۱۹۷ سواحلی زبان میں قرآن مجید کا پہلا ترجمہ کس نے کیا؟
عیسائی پادری Goldfeey Cano نے۔ یہ ۱۹۲۳ء میں طبع ہوا۔
۱۹۸ اردو زبان میں سب سے پہلے قرآن مجید کا ترجمہ کس نے کیا؟
شاہ عبد القادر دہلوی نے، ۱۷۸۴ء میں کیا تھا۔
۱۹۹ فارسی زبان میں قرآن پاک کا ترجمہ پہلی مرتبہ کس نے کیا تھا؟
شیخ سعدی شیرازی نے۔
۲۰۰ مسلمانوں میں سے سب سے پہلے کس نے قرآن مجید کا انگریزی زبان میں ترجمہ کیا؟
ڈاکٹر عبد الحکیم نے ۱۹۰۵ء میں۔
۲۰۱ قرآن پاک کا پہلا سندھی ترجمہ کس نے کیا؟
اخوند عزیز اللہ نے۔
۲۰۲ پنجابی زبان میں قرآن مجید کا پہلا ترجمہ کس نے کیا؟
حافظ محمد لکھنوی نے۔
۲۰۳ پشتو زبان میں سب سے پہلے تفسیر لکھنے والے مفسر کا نام بتائیں؟
مولانا مراد علی (تفسیر کا نام تفسیر یسیر)
۲۰۴ بلتی زبان میں قرآن مجید کا پہلا ترجمہ کس نے کیا؟
یوسف حسین آبادی نے۔
۲۰۵ قرآن مجید کے کس سورے میں کہا گیا ہے کہ بتحقیق زمین کے وارث ہمارے صالح بندے ہوں گے؟
سورہ انبیاء آیت نمبر ۱۰۵ میں۔
۲۰۶ قرآن مجید کے کس سورے میں امام مبین کا تذکرہ ہے؟

سورہ یٰسین آیت نمبر ۱۲ میں۔

۲۰۷ قرآن میں قصہ حضرتِ آدم سے اولادِ آدم کن چند مسائل کی طرف رجوع کریں؟

انسان کو ابلیس کی بات پر اعتماد نہیں کرنا چاہیے۔

کسی مسئلے میں ممانعت نہ بھی ہو تو پہلے منشائے الٰہی دریافت کر لینا چاہیے۔

انسان ادنیٰ ترک اولیٰ پر بے شمار نعمتوں سے محروم ہو جاتا ہے۔

توبہ ان تمام مقامات کو واپس دلوا سکتی ہے جن سے انسان کسی بنا پر محروم ہو گیا ہوتا ہے۔

حقیقتاً ان تمام مسائل کا تعلق آدم سے زیادہ اولادِ آدم سے ہے۔

۲۰۸ اخلاقی دنیا کا بدترین جرم قرآن مجید کی نگاہ میں کیا ہے؟

اخلاقی دنیا کا بدترین جرم قرآن مجید نے ''بخل'' کو قرار دیا ہے۔ سورہ آلِ عمران آیت نمبر ۱۸۰

۲۰۹ کس سورے میں ایک اور اخلاقی جرم کی طرف اشارہ کیا گیا ہے جو اذیت پہنچانے کے لیے ہے؟

یہ اخلاقی جرم بے جا سوال کرنا جس میں بہت سے قابلیت مآب قسم کے لوگ مبتلا رہتے ہیں۔ (سور مائدہ آیت نمبر ۱۰۱)

۲۱۰ عالمِ انسانیت کی بدترین قسم کے لوگ کون ہیں؟

جن کی سمجھ میں نہ اسلام آیا ہے اور نہ ہی وہ کفر کو سمجھ سکے ہیں۔ سورۂ بقرہ (۸)

قرآن مجید نے کس شخص کی نصیحتوں کو اپنے دامن میں محفوظ کر رکھا ہے؟

حضرت لقمن کی نصیحتوں کو کہ عالمِ انسانیت نصیحت کرے اور نصیحت سے فائدہ اٹھائے۔

۲۱۱ برادرِ قرآن، یہ لقب کس کتاب کو ملا ہے؟

نہج البلاغہ کو۔

۲۱۲ قرآن مجید میں لفظ طاغوت کتنی مرتبہ آیا ہے؟

۸ مقامات پر۔

۲۱۳ لفظ قرآن خود قرآنِ مجید میں کتنی بار آیا ہے؟

۷۰ مرتبہ ذکر ہوا۔

۲۱۴ قرآن مجید میں کتاب توریت کا ذکر کتنی مرتبہ ہوا ہے نام کے ساتھ؟

۱۸ مقامات پر۔

۲۱۵ قرآن مجید میں کتاب زبور کا تذکرہ نام کے ساتھ کتنی مرتبہ ہوا ہے؟

۳ مقامات پر۔ سورہ اعراف آیت ۱۵۷ میں، سورہ نبا آیت ۱۰۵ میں، سورہ نساء ۱۶۳، سورہ اسراء ۵۵۔

۲۱۶ قرآن مجید میں کتاب انجیل کا تذکرہ کتنے مقامات پر ہوا ہے؟

۱۲ مقامات پر۔

۲۱۷ قرآن مجید میں لفظ کتاب کتنی مرتبہ ذکر ہوا ہے؟

۲۵۵ مرتبہ۔

۲۱۸ قرآن مجید میں کس مسئلے کو اصل مسئلہ قرار دیا ہے؟

انجامِ بخیر ہونا۔ سورہ آلِ عمران آیت ۱۸۵۔

۲۱۹ حدیث ثقلین کسے کہتے ہیں؟

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ میں تم لوگوں میں دو برگذیدہ چیزیں چھوڑے جارہا ہوں۔ ایک کتاب خدا دوسرے میرے اہلِ بیت یعنی میری عترت اگر تم لوگوں نے ان دونوں سے تعلق رکھا تو میرے بعد کبھی گمراہ نہیں ہو گے اور یہ دونوں ایک دوسرے جدا ہونے والی نہیں۔ یہاں تک کہ روزِ قیامت حوضِ کوثر پر میرے پاس آ پہنچیں گے۔

۲۲۰ کتنے رسولوں کو کتاب دے کر بھیجا گیا؟

تمام ۳۱۳ نبیوں کو کتاب دے کر بھیجا گیا۔ سورہ حدید، آیت نمبر ۲۵۔

پورے قرآن مجید میں مقطعات کو کس مقام پر رکھا گیا ہے؟

سورتوں کے شروع میں مقطعات رکھے گئے ہیں۔

۲۲۱ قرآن مجید نے اپنی وحی کے بارے میں کتنی قسم کے بیان دیئے ہیں؟

دو قسم کے بیان دیئے ہیں (۱) ہم نے قرآن کو شبِ قدر میں نازل کیا (۲) ہم نے قرآن کو مبارک شب میں نازل کیا۔

۲۲۲ قرآن مجید میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والا حرف کونسا ہے؟

حرف ''ن'' سب سے زیادہ استعمال ہوا ہے تعداد ۲۶۵۶۰ مرتبہ۔

۲۲۳ قرآن مجید میں سب سے کم استعمال ہونے والا حرف کونسا ہے؟

حرف "ظ" سب سے کم استعمال ہوا ہے تعداد ۸۴۲ مرتبہ۔

۲۲۴ قرآن مجید میں سب سے زیادہ کونسی اعراب استعمال ہوئی ہے؟

زبر َ جس کی تعداد ۵۳۲۴۳ ہے۔

۲۲۵ قرآن مجید میں سب سے کم کونسی اعراب استعمال ہوئی ہے؟

مد ٓ جس کی تعداد ۱۸۸۱ ہے۔

۲۲۶ سورہ یٰسین کی کتنی آیتیں لفظ "ن" پر ختم ہوئیں ہیں؟

۷۱ آیتیں۔

۲۲۷ سورہ یٰسین کی کتنی آیتیں لفظ "م" پر ختم ہوئیں ہیں؟

۱۲ آیتیں۔

۲۲۸ قرآن مجید کی نقطہ نگاہ میں مقصد جہاد کیا ہے؟

جہاد کا مقصد حفاظت اسلام ہے مالِ غنیمت نہیں۔سورہ نسا آیت ۹۴۔

۲۲۹ کس سورے میں جنگ اُحد کا تذکرہ ہے؟

سورہ آلِ عمران آیت نمبر ۱۲۱ سے جنگ اُحد کا تذکرہ شروع ہوتا ہے۔

۲۳۰ قرآن مجید کے ۳۰ پاروں کے نام بتائیں؟

(۱) الٓمّٓ (۲) سیقول (۳) تلک الرسل (۴) لن تنالوا (۵) والمحصنٰت (۶) لایحب الله (۷) واذاسمعوا (۸) ولو اننا (۹) قال الملا (۱۰) واعلموا (۱۱) یعتذرون (۱۲) ومامن دآبةٍ (۱۳) وما ابُرِّئُ (۱۴) ربما (۱۵) سبحن الذی (۱۶) قال الملأ (۱۷) اقترب (۱۸) قدافلح (۱۹) وقال الذین (۲۰) امن خلق (۲۱) اتل ماأُوحی (۲۲) ومن یقنت (۲۳) ومالی (۲۴) فمن اظلم (۲۵) الیه یرد (۲۶) حم (۲۷) قال فما خطبکم (۲۸) قد سمع الله (۲۹) تبرک الذی (۳۰) عم۔

۲۳۱ قرآن مجید میں کس قسم کے کاروبار کرنے کی سخت مذمت کی گئی ہے؟

اس شیطانی کاروبار کی جس میں جادوگر سرِفہرست ہیں جن کا مقصد اللہ والوں کی تعلیمات کو مسخ کر کے اس سے غلط فائدہ اٹھانا ہے۔سورہ بقرہ آیت نمبر ۱۰۲۔

۲۳۲ منافق کا طرزِ عمل کیا ہوتا ہے اور ان کا انجام کیا ہے؟

یہ وقت کے منتظر رہتے ہیں اور غلبہ پانے والوں کے ساتھ ہو جاتے ہیں چاہے وہ مسلمان ہو یا کافر۔

نماز بھی نہایت مندی سے پڑھتے ہیں۔

اسلام اور کفر کے درمیان ہمیشہ مشکوک و مذبذب رہتے ہیں۔

منافق کا ٹھکانا جہنم کا آخری طبقہ ہے۔ سورہ نساء آیت ۱۴۱۔

۲۳۳ کس سورے میں بشر کے جملہ عناصر کو نہایت تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے؟

سورہ بقرہ۔

۲۳۴ آیتِ مباہلہ کس سورے میں ہے؟

سورۃ آل عمران آیت نمبر ۶۱

۲۳۵ حضرت موسیٰؑ نے فرعون کو اپنے نبی ہونے کا کیا ثبوت دیا تھا؟

اپنے ہاتھوں کی چمک دکھائی تھی اور اپنے عصا کو اژدھا بنا کر دکھایا تھا۔

۲۳۶ جن لوگوں پر خدا کی طرف سے بندر بن جانے کا عذاب نازل ہوا وہ لوگ کیا کاروبار کرتے تھے؟ اور اُن پر یہ عذاب کیوں نازل ہوا تھا۔

وہ لوگ مچھلی پکڑنے کا کاروبار کرتے تھے وجہِ عذاب یہ تھی کہ خدا کی ممانعت کے باوجود ان لوگوں نے جمعہ کے روز مچھلی پکڑنے گئے تھے۔

۲۳۷ اَمَّن یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ۔ بتایئے یہ آیت قرآن مجید کے کس سورے میں ہے آیت نمبر اور ترجمہ تحریر کیجئے؟

سورہ نمل آیت نمبر ۶۱ ترجمہ:۔

۲۳۸ آیت الکرسی کس سورے میں ہے؟

سورہ بقرہ آیت نمبر ۲۵۵۔ جو عظمت امان کا بہترین نسخہ ہے۔

۲۳۹ قرآن مجید میں کن دو درختوں کا نام ذکر ہوا جن کی تری کے ملاپ سے آگ پیدا کی گئی ہے؟

سرغ اور عفار۔

۲۴۰ قرآن مجید میں ہر نیک عمل کا ثواب مذکور ہے سوائے ایک نیک عمل کے وہ نیک عمل کیا ہے؟

نمازشب۔ بس یہ فرمایا: "ان کے پہلو بستروں سے ناآشنا رہتے ہیں۔ وہ اپنے پروردگار کو خوف وطمع سے پکارتے ہیں اور ہم نے ان کو جو رزق دیا ہے اس میں سے وہ (راہ خدا میں) خرچ کرتے ہیں۔ پس کوئی نہیں جانتا کہ ان کے لیے کس قدر آنکھوں کی ٹھنڈک چھپا کے رکھی گئی ہے۔ ان کے عمل کی جزا کے طور پر۔ سورہ سجدہ آیت نمبر ۱۷۔۱۲۔

۲۴۱ سورہ دہر کی خوش خبری سب سے پہلے کس معصوم کو سنائی گئی؟ اور اُن معصوم کے بعد کس معصوم کو سنائی گئی؟

رسول خدا کو رسول خدا نے جناب سیدہ سلام اللہ علیہ کو۔

۲۴۲ مسلمانوں کے تہتر فرقے کیوں بنے؟

تفسیر بالرائے کرنے کی وجہ سے۔

۲۴۳ بتایئے مندرجہ ذیل شعر کس شاعر کا ہے؟

خود بدلتے نہیں قرآن کو بدل دیتے ہیں
ہوئے اس درجہ فقیہانِ حرم بے توفیق

علامہ اقبال۔

۲۴۴ احقاف ایک ریگستانی علاقے کا نام ہے بتایئے اس ریگستان میں کون سی قوم آباد تھی؟

قوم عاد آباد تھی۔

۲۴۵ سورہ احزاب کا نام احزاب کیوں رکھا گیا ہے؟

احزاب گروہ کے معنی میں ہے اس جنگ میں کئی گروہ شریک ہوئے تھے۔

۲۴۶ قرآن مجید کے سورہ احزاب میں کس جنگ کا تذکرہ کیا گیا ہے؟

جنگ احزاب کا آیت ۹، ۲۷۔

۲۴۷ سورہ کہف کن لوگوں کے نام سے موسوم کیا گیا ہے؟

اصحاب کہف سے۔

۲۴۸ حضرت موسیٰ اور حضرت خضرؑ کی ملاقات کا ذکر کس سورے میں ہے؟

سورہ کہف۔ آیت نمبر ۶۰ سے شروع ہوتا ہے۔

۲۴۹ خدا تک پہنچنے کے لیے وسیلہ تلاش کرو یہ آیت کس سورئے میں ہے؟

سورۃ مائدہ آیت نمبر ۳۵

۲۵۰ وہ کونسی سورہ ہے جس کا آغاز حضرت رسولِ خداؐ کی معراج سے ہوا ہے؟
سورہ بنی اسرائیل۔

۲۵۱ سورہ اسرا میں لفظِ "اسراء" کے معنی کیا ہیں؟
اسراء عربی زبان میں رات کے وقت سفر کرنے کو کہتے ہے۔

۲۵۲ بادشاہ حبشہ کے دربار میں کس نے سورۂ مریم کی تلاوت کی تھی؟
حضرت جعفر طیار علیہ السلام نے۔

۲۵۳ کس شخص نے روزے قیامت کا مذاق اڑایا تھا؟
عمرو عاص کے باپ عاص بن وائل نے۔ (سورہ مریم آیت ۷۷)

۲۵۴ سورہ روم کا نام سورہ روم کیوں ہے؟
اس لیے کہ اس کا آغاز ملک روم کی فتح سے ہوتا ہے۔

۲۵۵ کس شخص کو روزِ قیامت تنہا بلایا جائے گا؟
جس شخص نے قیامت کے دن کا مذاق اڑایا تھا۔ عاص ابنِ وائل۔

۲۵۶ قرآن مجید کا کون سی سورہ ۹ھ میں نازل ہوئی ہے؟
سورہ توبہ۔

۲۵۷ سورہ توبہ کے تین نام بتائیں؟
سورہ توبہ، براءت، فاضحہ۔

۲۵۸ سورہ توبہ میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط کیوں نہیں ہے؟
سورہ توبہ میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اس لیے نہیں ہے کہ نگاہ قدرت میں اعلانِ رحمت اعلانِ براءت کے منافی ہے لہٰذا اعلانِ براءت سے پہلے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط نہیں کہا جاسکتا ہے۔

۲۵۹ کس سورے کی آیت سے پیغمبرؐ کو آداب جنگ کی تلقین کی گئی ہے؟
سورہ انفال آیت نمبر ۶۴ سے۔

۲۶۰ قرآن مجید کے کس سورے میں قبلہ اور تحویل قبلہ کا ذکر کیا گیا ہے؟

سورہ بقرہ آیت نمبر۱۴۲ میں۔

۲۶۱ قرآن مجید کے کس سورے میں جنگ بدر کا سلسلہ موجود ہے؟

سورہ انفال آیت نمبر۵۔

۲۶۲ اللہ تعالیٰ نے جنگ بدر سے فرار کو کس بنا پر حرام قرار دے دیا تھا؟

خدا نے مالِ قافلہ فتح جنگ کا وعدہ کیا تھا۔تا کہ مسلمانوں کو اطمینان قلب حاصل ہو۔

نیند کے ذریعے تازہ دم بنا دیا تھا۔

بارش کے ذریعے زمین کو جنگ کے قابل بنا دیا تھا اور سیرابی وطہارت کا انتظام بھی کر دیا تھا۔

ملائکہ کے ذریعے قوتِ قلب کا سامان بھی کر دیا تھا اسی بنا پر میدان سے فرار کو حرام قرار دیا تھا اس کی سزا غضبِ الٰہی اور جہنم کو قرار دیا تھا۔

۲۶۳ سال کے کتنے مہینوں میں قتل کرنا جائز نہیں ہے؟

چار مہینوں میں۔سورہ توبہ آیت۔۳۶۔

رجب، ذی العقدہ، ذی الحجہ، محرم۔

۲۶۴ یہودی کس نبی کو خدا کا بیٹا کہتے ہیں؟

حضرت عزیر کو۔

۲۶۵ سورہ زخرف بتائیے یہ نام ''زخرف'' کس آیت سے لیا گیا ہے؟

قرآن مجید کے سورے زخرف آیت نمبر ۳۵ سے۔

۲۶۶ قرآن مجید کی کس آیت کو سواری پہ سوار ہوتے وقت پڑھتے ہیں کہ اس میں خطرات سے بہترین ضمانت ہیں؟

سورہ زخرف آیت نمبر۱۳، ۱۴۔

۲۶۷ سورہ فاطر کا اختتام کس اہم نقطے پر ہوا ہے جو کہ غور طلب بات ہے؟

خدا انسان کو مہلت دیتا رہتا ہے اور اس نے عذاب کا ایک وقت معین کر دیا ہے جس میں کسی تاخیر کا امکان نہیں ہے اور انسان پھر بھی ہوش میں نہیں آتا ہے۔

۲۶۸ اللہ تعالیٰ کے اسمِ اعظم کے کل کتنے حروف ہیں؟

۷۳

۲۶۹ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی وفات کے وقت آپ کی زبانِ مبارک پر آخری جملہ کیا تھا؟

اللہ سب سے بڑا ہے۔

۲۷۰ حضرت نوح علیہ اسلام کی کتنی عمر تھی؟

تقریباً ۲۰۰۰ سال۔

۲۷۱ وارثِ قرآن حضرت امامِ زمانہؑ کی عمر کتنی ہو چکی ہے؟

گیارہ سو گیارہ سال۔

۲۷۲ حضرت یوسف علیہ السلام کا متن دیکھنے کے بعد کتنی عورتیں مرگئی تھیں؟

ایک روایت کے مطابق یہ ۴۰ عورتیں تھیں جس میں سے ۹ عورتیں بیہوش ہو کر مرگئی تھیں۔

۲۷۳ گمان یقین کے مقابلے میں کچھ بھی کام نہیں آتا، یہ کس سورے کی آیت ہے؟

سورہ نجم آیت نمبر ۲۸۔

۲۷۴ قیامت کا دن ہماری گنتی کے حساب سے کتنا بڑا ہوگا؟

ایک ہزار برس کے برابر ہوگا۔ سورہ حج آیت ۴۷۔

۲۷۵ ہر واقعہ جو بھی دنیا میں ہوتا ہے کیا وہ قبل از خلقت لکھا ہوا ہے؟

جی ہاں

۲۷۶ کس سورے میں حضرت ذوالقرنین کا تذکرہ ہے؟

سورہ کہف آیت نمبر ۸۳ سے شروع ہوتا ہے۔

۲۷۷ حضرت ذوالقرنینؑ کو حکومت ملی تو انھوں نے اس کا مصرف کیا قرار دیا؟

حضرت ذوالقرنینؑ کو حکومت ملی تو انھوں نے اس کا مصرف غریبوں کے تحفظ کو قرار دیا۔

۲۷۸ حضرت ذوالقرنینؑ نے کس چیز کا فارمولا عالم انسانیت کو دیا ہے؟

دیوار بنانے کا۔

۲۷۹ حضرت ذوالقرنینؑ کی بنائی ہوئی دیوار کا فارمولا بتایئے؟

آپ نے لوہا پگھلا کر اس پر تارکول ڈال دیا۔ اور ایسی دیوار بن گئی جس کو نہ پار کیا جا سکے نہ سوراخ کیا جا سکے۔

۲۸۰ ان کے لیے آسمان کے دروازے بھی کھول دیئے جائیں تو یہ بلند ہوتے ہوئے یہی کہیں گے کہ ہماری آنکھوں پر نشہ سوار ہے یا جادو کر دیا گیا ہے۔ پارہ، سورہ، آیت بتائیے۔ نیز یہ بھی بتائیے کہ کس سائنس دان نے اپنے سفر کی روداد انہی الفاظ میں اتفاقاً سنائی تھی؟

چاند پر جانے والے پہلے شخص نے۔ پارہ ۱۳، سورہ حجر، آیت ۱۵۔

۲۸۱ سورہ حجر کن لوگون کے نام سے موسوم ہے؟

اصحاب حجر کے نام سے۔

۲۸۲ اصحاب حجر کا تذکرہ کس آیت نمبر سے شروع ہوتا ہے؟

سورہ حجر آیت نمبر ۸۰ سے شروع ہوتا ہے۔

۲۸۳ اصحاب حجر کیسے لوگ تھے؟

ان لوگوں نے مرسلین کی تکذیب کی اور ہماری آیات کی کوئی پرواہ نہیں کی۔

ان کا غرور یہ تھا کہ پہاڑ کاٹ کر محفوظ گھر بناتے تھے لیکن ایک آواز نے سب کو تباہ و برباد کر دیا اور کوئی قلعہ کام نہ آیا۔

۲۸۴ سورہ طٰہٰ کس کے نام سے موسوم ہے؟

جناب حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام سے۔

۲۸۵ قرآن مجید کی تقریباً کتنی آیات شانِ اہلِ بیت علیہ السلام میں نازل ہوئی ہیں؟

۳۰۰ آیات شانِ اہلِ بیت علیہ السلام میں نازل ہوئی ہیں۔

۲۸۶ سلسبیل سے کیا مراد ہے؟

یہ جنت کے ایک چشمے کا نام ہے جس کا مزاج زنجبیلی ہوگا سورہ دھر آیت ۱۸،۱۷۔

۲۸۷ جنت میں جو چشمہ مقربین کے لیے ہے اس چشمے کا کیا نام ہے؟

تسنیم۔

۲۸۸ کس سورے میں جنتیوں کا لباس ریشمی بتایا گیا ہے؟

سورہ حج آیت نمبر ۲۳ میں۔

۲۸۹ کیا روزِ قیامت جہنم کو بھی پیش کیا جائے گا؟

جی ہاں، ''اس دن جہنم کو پیش کیا جائے گا''۔ سورہ فجر آیت ۲۳۔

۲۹۰ کونسی سورہ سورۃ الاخلاق کے نام سے مشہور ہے؟

سورۂ حجرات

۲۹۱ توحید کے بارے میں کوئی آیت مع ترجمہ بیان کیجیے؟

وَلِيَعْلَمُوْا اَنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ

اور بخوبی معلوم کرلیں کہ اللہ ایک ہی معبود ہے۔ سورہ ابراہیمؑ آیت نمبر ۵۲، پارہ ۱۳۔

۲۹۲ خدا کے عادل ہونے کے متعلق کوئی آیت بیان کریں؟

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ

تحقیق اللہ عدل وانصاف کا حکم دیتا ہے۔ سورہ نحل آیت نمبر ۹۰، پارہ ۱۴۔

۲۹۳ نبوت کے بارے میں کوئی آیت بیان کریں؟

ثُمَّ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا

پھر ہم نے مسلسل رسول بھیجے۔ سورہ مومنون آیت نمبر ۴۴، پارہ ۱۸۔

۲۹۴ امامت کے متعلق کوئی آیت بیان کیجیے؟

اَنَّمَا اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّ لِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ

(اے رسول) تم تو صرف خدا سے ڈرانے والے ہو اور ہر قوم کے لیے ایک ہدایت کرنے والا ہے۔ سورہ الرعد آیت نمبر ۷، پارہ ۱۳۔

قَالَ اِنِّیْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ط

اللہ نے فرمایا میں تمھیں لوگوں کا امام بناؤں گا۔ سورہ بقرہ۔ آیت ۱۲۴، پارہ ۱۔

۲۹۵ قیامت کے بارے میں کوئی آیت بیان کریں؟

يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ

اس دن مال ودولت کوئی کام نہیں آئے گا۔ سورہ شعراء آیت ۸۸، پارہ ۱۹۔

۲۹۶ نماز کے بارے میں کوئی آیت بیان کریں؟

وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

اور پابندی سے نماز پڑھا کرو۔ سورہ انعام۔ آیت نمبر ۷۲، پارہ ۷۔

۲۹۷ روزے کے بارے میں کوئی آیت بیان کریں؟

وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَیْرٌ لَّکُمْ

لیکن تمھارے حق میں بہترین کام روزہ رکھنا ہے۔ سورہ بقرہ آیت نمبر ۱۸۴، پارہ نمبر ۲۔

۲۹۸ ''حج'' کے بارے میں کوئی آیت بیان کریں؟

وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ط

اور صرف خدا کے واسطے حج و عمرہ کو پورا کرو۔ سورہ بقرہ آیت نمبر ۱۹۶، پارہ نمبر ۲۔

۲۹۹ زکوٰۃ کے متعلق کوئی آیت بیان کریں؟

وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّکٰوةَ

اور پابندی سے نماز ادا کرو اور زکوٰۃ دیا کرو۔ سورہ بقرہ آیت نمبر ۴۳، پارہ نمبر ۱۔

۳۰۰ خمس کے بارے میں کوئی آیت بیان کریں؟

وَاعْلَمُوْا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰکِیْنِ وَابْنِ السَّبِیْلِ

اور جان لو جو نفع تم کسی چیز سے حاصل کرو تو اس میں کا پانچواں حصہ خدا اور رسولؐ کے اور رسول کے قرابت داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور پردیسیوں کا ہے۔ س۔ انفال۔ آیت نمبر ۴۱، پارہ نمبر ۱۰۔

۳۰۱ امر بالمعروف کے متعلق کوئی آیت بیان کریں؟

وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ

اور آپس میں حق کا حکم دو اور صبر کی وصیت کرتے رہو۔

۳۰۲ جہاد کے متعلق کوئی آیت بیان کریں؟

وَجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ط

اور اپنی جانوں سے اور اپنے مالوں سے خدا کی راہ میں جہاد کرو۔ س۔ توبہ، آیت ۴۱، پارہ ۱۰۔

۳۰۳ دین اسلام آسان دین ہونے کے متعلق کوئی آیت بیان کریں؟

یُرِیْدُ اللّٰهُ بِکُمُ الْیُسْرَ وَلَا یُرِیْدُ بِکُمُ الْعُسْرَ ا

خدا تمھارے ساتھ آسانی کرنا چاہتا ہے۔ اور تمھارے ساتھ سختی نہیں کرنا چاہتا۔

۳۰۴ حصولِ معاش کے متعلق کوئی آیت بیان کیجیے؟

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِیْهَا مَعَایِشَ ط

ہم نے تو یقیناً تم کو زمین میں قدرت واقتدار دیا۔ اور اس میں تمہارے لیے اسباب زندگی مہیا کیئے۔ س۔ اعراف۔ آیت نمبر ۱۰، پارہ ۵۔

۳۰۵ قرآن کریم میں اخلاق کے بارے میں کیا فرمایا گیا ہے؟

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ

مومنین آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ سورہ حجرات آیت نمبر ۱۰، پارہ ۲۵۔

۳۰۶ قرآن کریم میں عدلیہ کے بارے میں کیا حکم آیا ہے؟

وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَیْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ط

جب تم لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو عدل وانصاف کے ساتھ کرو۔ سورہ النساء آیت نمبر ۵۱، پارہ ۵۔

۳۰۷ قرآن مجید میں سیاست کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا گیا ہے؟

قرآن معاشرے کے اہم سیاسی نکات میں سے ایک اپنے استقلال کی حفاظت اور کافروں سے وابستگی نہ رکھنا ہے جیسا کہ قرآن پاک میں ارشاد ہوا کہ

وَلَنْ یَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِیْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِیْنَ سَبِیْلًا

اللہ نے مومنین پر کافروں کو تسلط نہیں دیا ہے۔ سورہ النسآء آیت نمبر ۱۴۱، پارہ ۵

۳۰۸ قرآن پاک میں زمین شناسی کے بارے میں کیا ارشاد ہوا ہے؟

آج ہمارے مسکن زمین کے لیے بھی کئی قسم کی حرکت ثابت ہوئی ہے جبکہ قرآن نے صدیوں قبل اس نکتہ کی طرف اشارہ کیا تھا۔ ارشادِ قرآن ہے کہ

اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا

کیا ہم نے تمہارے لیے زمین کو گہوارہ نہیں بنایا۔ سورہ نبا آیت نمبر ۶، پارہ ۳۰۔ گہوارہ گردش کرتا ہے اور بچوں کو آرام بھی پہنچاتا ہے۔ زمین کی بھی یہی کیفیت ہے۔ قرآن مجید نے بعض آیتوں میں جیسے رب المشارق و المغارب...... (المعارج۔ ۴۰) میں زمین کے کروی گیند کی صورت ہونے کی طرف اشارہ کیا ہے۔ اور اس میں اُن چیزوں کی طرف بھی اشارہ کیا ہے جس کا اس زمانے میں انکشاف نہیں ہوا تھا۔

۳۰۹ قرآن مجید میں کاشتکاری کے متعلق کیا ارشاد ہوا ہے؟

سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ

لائق تسبیح ہے وہ ذات جس نے زمین سے اُگنے والی چیزوں کے جوڑے پیدا کیئے اور خود تمھارے نفسوں سے جوڑے پیدا کیئے اور اُن چیزوں میں جن کو تم نہیں جانتے۔

۳۱۰ قرآن مجید میں عسکری مسائل کے بارے میں کیا ارشاد ہوا ہے؟

جس زمانے میں عسکری طاقت کا اہم مقصد، ظلم و غارت گری اور ملک گشائی تھا اُس زمانے میں قرآن نے فوجی جنگ کا مقصد ظالموں کا مقابلہ اور مظلوموں کا دفاع قرار دیا ہے۔ اس سلسلے میں قرآن نے ایک حد معین کیا ہے۔

لَا تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ

نہ کسی پر ظلم کرو نہ کسی کا ظلم برداشت کرو۔ سورہ بقرہ ۲۷۹، پارہ ۲

فوجی طاقت کی فراہمی کا مقصد کشور گشائی نہیں بلکہ اس کا اصلی مقصد قوانینِ الٰہی سے دفاع کرنا ہے۔

قرآن مجید میں ارشاد ہوا۔

وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَیْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ

دشمنوں کے مقابلے میں جہاں تک تم سے ہو سکے سواری کے گھوڑے اور طاقت جمع کرو تا کہ دشمنانِ خدا اور اپنے دشمنوں پر رعب بٹھا سکو۔

۳۱۱ موت اور زندگی کو کیوں پیدا کیا؟

موت اور زندگی کو اس لیے پیدا کیا کہ تمھیں آزمائے کہ تم میں سے کون اچھے کام کرتا ہے۔ سورہ الملک آیت ۲۔

۳۱۲ سورہ تحریم آیت نمبر ۶ میں صاحبانِ ایمان کے لیے کیا ہدایت ہے؟

ایمان والوں! خود کو اور اپنے گھر والوں کو آگ سے بچاؤ۔

۳۱۳ نگاہ الٰہی میں مسرفوں کا کیا درجہ ہے؟

فضولیات میں اڑانے والے شیطان کے بھائی ہیں سورہ بنی اسرائیل آیت نمبر ۲۷۔

۳۱۴ صاحبانِ ایمان کے لیے کس شخص کی زندگی بہترین نمونہ ہے؟

تمھارے لیے نبیؐ کی زندگی بہترین نمونہ ہے۔ سورہ الاحزاب آیت نمبر ۲۱۔

۳۱۵ بہترین امت کونسی ہے؟

اہل بیت رسول۔ تم وہ بہترین اُمت ہو جو اچھائی پھیلاتے ہو اور برائی سے روکتے ہو۔

سورہ آل عمران آیت نمبر ۱۱۰۔

۳۱۶ کیا انسان کو کمزور پیدا کیا گیا ہے؟

انسان کو کمزور پیدا کیا گیا ہے۔ سورہ نساء، آیت نمبر ۲۸۔

۳۱۷ کیا اللہ نے اپنا نائب بنایا ہے؟

(اے رسول) اس وقت کو یاد کرو جب آپ کے پروردگار نے فرشتوں سے کہا کہ میں اپنا ایک نائب زمین میں بنانے والا ہوں۔ اللہ کا نائب بنایا گیا۔ سورہ بقرہ آیت نمبر ۳۰

۳۱۸ بے جرم و بے خطا کسی انسان کو قتل کرنا کیا معنی رکھتا ہے؟

بلا جرم قتل کرنا گویا ساری انسانیت کو قتل کرڈالنا ہے۔ سورہ المائدہ آیت نمبر ۳۲۔

۳۱۹ انسانیت کو کیسے بچانا چاہیے؟

جس نے ایک انسان کو بچایا گویا اس نے پوری انسانیت کو بچالیا۔ سورہ المائدہ آیت نمبر ۳۲۔

۳۲۰ بُرے نام کے متعلق کوئی آیت بیان کیجیے؟

ایک دوسرے کے بُرے نام نہ رکھو، برے نام یا چڑ رکھنا گناہ ہے۔

۳۲۱ وصیت کے متعلق کوئی آیت بیان کریں؟

سورہ بقرہ آیت نمبر ۱۸۰

۳۲۲ جن وانس کے متعلق کوئی آیت پیش کریں جس سے ان کی خاص رہنمائی ہو؟

جن وانس کو عبادت کے لیے پیدا کیا۔ سورہ الذریت آیت نمبر ۵۶۔

۳۲۳ تجارت کے بارے میں کوئی آیت بیان کیجیے؟

تجارت کو حلال اور سود کو حرام قرار دیا۔ سورہ بقرہ آیت نمبر ۲۷۵۔

۳۲۴ دنیا میں جتنی چیزیں جان رکھتی ہیں پروردگار عالم نے انھیں کس چیز سے خلق کیا؟

ہر چلنے پھرنے والے جاندار کو پانی سے پیدا کیا۔ بعض پیٹ کے بل چلتے ہیں، بعض دو پاؤں پر اور بعض چار پاؤں پر۔ سورہ النور آیت نمبر ۴۵۔

۳۲۵ جوڑے کے متعلق کوئی آیت بیان کیجیے؟

انسان اور جانوروں میں جوڑے بنائے۔ سورہ الشوریٰ آیت نمبر ۱۱۔

۳۲۶ والدین کے لیے کوئی آیت بیان کیجیے؟

ماں باپ سے حُسنِ سلوک کرنا۔ ان کے آگے اُف نہ کرنا اور ان کے لیے دعا کرنا۔

سورہ بنی اسرائیل آیت نمبر ۲۳، ۲۵۔

۳۲۷ دوسروں کے گھروں میں جانے کا کیا طریقہ ہے؟

کسی کے گھر بغیر اجازت داخل نہ ہو۔ سورہ النور آیت نمبر ۲۷، ۲۸۔

۳۲۸ اپنے گھر میں داخل ہوں کیا تب بھی اپنے گھر والوں کو سلام کرنا چاہیے؟

اپنے گھر والوں کو سلام کر کے داخل ہو۔ سورہ النور آیت نمبر ۶۱۔

۳۲۹ ہجرت وسفر کے لیے دعا کی کوئی مختصر آیت بیان کیجیے؟

خیر وخوبی سے نکال اور خیر وخوبی سے پہنچا۔ سورہ بنی اسرائیل آیت نمبر ۸۰۔

۳۳۰ قبروں سے دوبارہ زندہ ہونے کے متعلق کوئی آیت بیان کیجیے؟

جس طرح سے بارش سے مردہ زمین زندہ ہوتی ہے قیامت کے دن اسی طرح تم بھی قبروں سے نکل پڑو گے۔ سورہ ق آیت نمبر ۱۱۔

۳۳۱ پینے کی چیز 'دودھ' کے بارے میں کوئی آیت بیان کیجیے؟

گوبر اور خون کے درمیان سے صاف دُودھ پینے کے لیے ہے۔ سورہ النحل آیت نمبر ۶۶۔

۳۳۲ نجات کے لیے کوئی آیت بیان کیجیے؟

حضرتِ نوحؑ کی دُعا کشتی کی روانی اور نجات کے لیے۔ سورہ مومنون آیت نمبر ۲۰۔

۳۳۳ قبولیتِ دُعا کے لیے کوئی آیت بیان کیجیے؟

حضرتِ ابراہیمؑ کی دعا قبولیت کے لیے۔ سورہ بقرہ آیت نمبر ۱۲۷۔

۳۳۴ اولاد کے واسطے دعا کی کوئی آیت بیان کیجیے؟

حضرتِ ابراہیمؑ کی دعا اولاد کے لیے۔

۳۳۵ علم ودانش اور نیکوکاروں میں شامل ہونے کی کوئی دُعا کی آیت بیان کیجیے؟

حضرت ابراہیمؑ کی دعا علم ودانش اور نیکوکاروں میں شامل ہونے کے لیے۔

سورہ شعراء آیت نمبر ۸۳۔

۳۳۶ گمراہی سے بچنے کے لیے کوئی آیت بیان کیجیے؟

حضرت ابراہیمؑ کی دعا گمراہی سے بچنے کے لیے۔ سورہ ابراہیمؑ آیت نمبر ۳۵۔

۳۳۷ دعا توفیق کے لیے کوئی آیت بیان کیجیے؟

حضرت شعیبؑ کی دعا توفیق کے لیے۔ سورہ ھودؑ آیت نمبر ۸۸۔

۳۳۸ نعمتوں کے شکر اور اچھے کام کے لیے کوئی آیت بیان کیجیے؟

حضرتِ سلیمانؑ کی دُعا نعمتوں کے شکر اور اچھے کاموں کے لیے۔ سورہ نحل آیت نمبر ۱۹۔

۳۳۹ زبان کے متعلق کوئی آیت بیان کیجیے؟

حضرت موسیٰ کی دُعا علم اور زبان کی روانی کے لیے۔ سورہ طٰہٰ آیت نمبر ۲۵، ۲۸۔

۳۴۰ بخشش کے متعلق کوئی آیت بیان کیجیے؟

حضرت موسیٰ کی دعا ندامت پر بخشش کے لیے۔ سورہ اعراف آیت نمبر ۱۵۱۔

۳۴۱ گھر والوں کے متعلق کوئی آیت بیان کیجیے؟

حضرت موسیٰؑ کی دعا اپنے گھر والوں کی بخشش کے لیے۔ سورہ اعراف آیت نمبر ۱۵۱۔

۳۴۲ ثابت قدم، اور غلبے کے لیے کوئی آیت بیان کیجیے؟

حضرتِ طالوتؑ کی دعا ثابت قدم رہنے اور کافروں پر غلبے کے لیے۔

سورہ بقرہ آیت نمبر ۲۵۰۔

۳۴۳ آیۂ تطہیر کس سورے میں ہے؟

سورۂ احزاب آیت نمبر ۳۳

۳۴۴ آیۂ مودّت کس سورے میں ہے؟

سورۂ شوریٰ آیت نمبر ۲۳

۳۵۴ قرآن مجید میں کن لوگوں کی محبّت کو اجر رسالت قرار دیا ہے؟

اہلِ بیت اطہار علیہم السلام کی محبّت کو

۳۴۶ درود شریف پڑھنے کا حکم کس سورے میں ہے؟

(سورۂ احزاب آیت نمبر ۵۶)

۳۴۷ روایت معصومینؑ میں کس سورے کو سورۃ الحسینؑ کہا گیا ہے؟

سورۂ مبارکہ فجر کو

۳۴۸ ہم نے ہر چیز کو پانی سے زندہ کیا یہ آیت کس سورے میں ہے؟

سورۂ انبیاء آیت نمبر ۳۰

۳۴۹ تخلیق انسانی کے تین تاریکیوں کو کس سورے میں بیان کیا ہے؟

سورۂ مبارکہ زمر آیت نمبر ۳۹

۳۵۰ قرآن کی نقطۂ نگاہ سے کن دو چیزوں میں بڑی برائی ہے؟

شراب اور جوئے میں (سورۂ بقرہ آیت نمبر ۲۱۹)

۳۵۱ کس آیت میں کہا گیا ہے کہ اُونٹ کی تخلیق میں غور وفکر کرو؟

سورۂ مبارکہ الغاشیۃ آیت نمبر ۱۷

۳۵۲ کس جانور کے گوشت سے اجتناب ضروری ہے؟

سُور کے گوشت سے (سورۂ بقرہ آیت نمبر ۱۷۳)

۳۵۳ ماں کے دودھ کی اہمیت کس آیت میں بیان ہوئی ہے؟

(سورۂ بقرہ آیت نمبر ۲۳۳ میں)

۳۵۴ غیبت کرنے کو کس چیز سے تشبیہ دی گئی ہے؟

مردہ بھائی کے گوشت کھانے سے (سورۂ حجرات آیت نمبر ۱۲)

# (حروف القرآن)

قرآن مجید میں حرف ''الف'' کتنی بار آیا ہے؟

۱۰۸۸۸۴مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''ب'' کتنی بار آیا ہے؟

۲۱۲۲۸مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''ت'' کتنی بار آیا ہے؟

۲۴۰۴مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''ث'' کتنی بار آیا ہے؟

۳۱۰۱۵مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''ج'' کتنی بار آیا ہے؟

۴۲۳۲مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''ح'' کتنی بار آیا ہے؟

۴۱۲۰مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''خ'' کتنی بار آیا ہے؟

۲۱۰۵مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''د'' کتنی بار آیا ہے؟

۵۹۷۲مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''ذ'' کتنی بار آیا ہے؟

۴۶۷۷مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''ر'' کتنی بار آیا ہے؟

۱۲۶۴۰ مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''ز'' کتنی بار آیا ہے؟

۳۵۸۰ مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''س'' کتنی بار آیا ہے؟

۵۹۷۶ مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''ش'' کتنی بار آیا ہے؟

۲۱۱۵ مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''ص'' کتنی بار آیا ہے؟

۲۰۰۸۳ مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''ض'' کتنی بار آیا ہے؟

۶۸۲ مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''ط'' کتنی بار آیا ہے؟

۱۳۰۷ مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''ظ'' کتنی بار آیا ہے؟

۸۲۷ مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''ع'' کتنی بار آیا ہے؟

۹۲۷۴ مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''غ'' کتنی بار آیا ہے؟

۹۲۱۱ مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''ف'' کتنی بار آیا ہے؟

۴۴۱۸ مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''ق'' کتنی بار آیا ہے؟

۶۶۱۲ مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''ک'' کتنی بار آیا ہے؟

۶۶۱۲ مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''ل'' کتنی بار آیا ہے؟

۳۳۵۲۰ مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''م'' کتنی بار آیا ہے؟

۲۶۵۱۵ مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''ن'' کتنی بار آیا ہے؟

۴۴۱۷ مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''و'' کتنی بار آیا ہے؟

۲۵۵۸۹ مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''ہ'' کتنی بار آیا ہے؟

۲۵۹۰۹ مرتبہ۔

قرآن مجید میں حرف ''ی'' کتنی بار آیا ہے؟

۴۵۹۰۹ مرتبہ۔

# قرآنِ مجید کے سورتوں کی فہرست

| شمارہ سورہ | نام سورہ | معنیٰ | تعدادِ آیات | تعدادِ رکوع | مکی/مدنی |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | فاتحہ | کھولنا | ۷ | ۱ | مکی |
| ۲ | البقرہ | گائے | ۲۸۶ | ۴۰ | مدنی |
| ۳ | آلِ عمران | عمرانؑ کا خاندان | ۲۰۰ | ۲۰ | مدنی |
| ۴ | النساء | عورت | ۱۷۶ | ۲۴ | مدنی |
| ۵ | المائدہ | دسترخوان | ۱۲۰ | ۱۶ | مدنی |
| ۶ | الانعام | مویشی | ۱۶۵ | ۲۰ | مکی |
| ۷ | الاعراف | بلندی | ۲۰۶ | ۲۴ | مکی |
| ۸ | الانفال | مالِ غنیمت | ۷۵ | ۱۰ | مدنی |
| ۹ | التوبہ | رجوع ہونا | ۱۲۹ | ۱۶ | مدنی |
| ۱۰ | یونسؑ | یونسؑ | ۱۰۹ | ۱۱ | مکی |
| ۱۱ | ھودؑ | ہودؑ | ۱۲۳ | ۱۰ | مکی |
| ۱۲ | یوسفؑ | یوسفؑ | ۱۱۱ | ۱۲ | مکی |
| ۱۳ | الرعد | بجلی کی کڑک | ۴۳ | ۶ | مدنی |
| ۱۴ | ابراھیمؑ | ابراہیمؑ | ۵۲ | ۷ | مکی |
| ۱۵ | الحِجر | پتھروں کا گھر | ۹۹ | ۶ | مکی |
| ۱۶ | النحلِ | شہد کی مکھی | ۱۲۸ | ۱۶ | مکی |
| ۱۷ | بنی اسرائیل | اولادِ یعقوب | ۱۱۱ | ۱۲ | مکی |

| شمارہ سورہ | نام سورہ | معنٰی | تعدادِ آیات | تعدادِ رکوع | مکی/مدنی |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۸ | الکہف | غار والے | ۱۱۰ | ۱۲ | مکی |
| ۱۹ | مریم | عیسیٰؑ کی والدہ کا نام | ۹۸ | ۶ | مکی |
| ۲۰ | طٰہٰ | طٰہٰ | ۱۳۵ | ۸ | مکی |
| ۲۱ | الانبیاءؑ | انبیاؑ | ۱۱۲ | ۷ | مکی |
| ۲۲ | الحج | حج | ۷۸ | ۱۰ | مدنی |
| ۲۳ | المؤمنون | ایمان والے | ۱۱۸ | ۶ | مکی |
| ۲۴ | النور | روشنی | ۶۴ | ۹ | مدنی |
| ۲۵ | الفرقان | فرق کرنے والا | ۷۷ | ۶ | مکی |
| ۲۶ | الشعراء | شاعر | ۲۲۷ | ۱۱ | مکی |
| ۲۷ | النمل | چیونٹی | ۹۷ | ۷ | مکی |
| ۲۸ | القصص | قصے | ۸۸ | ۹ | مکی |
| ۲۹ | العنکبوت | مکڑی | ۶۹ | ۷ | مکی |
| ۳۰ | الروم | روم | ۶۰ | ۶ | مکی |
| ۳۱ | لقمٰن | لقمان | ۳۴ | ۴ | مکی |
| ۳۲ | السجدہ | سجدہ | ۳۰ | ۳ | مکی |
| ۳۳ | الاحزاب | گروہ | ۷۳ | ۹ | مدنی |
| ۳۴ | سبا | ملکہ سبا | ۵۴ | ۶ | مکی |
| ۳۵ | فاطر | موجد | ۴۵ | ۵ | مکی |
| ۳۶ | یٰسین | یٰسین | ۸۳ | ۵ | مکی |
| ۳۷ | الصٰفٰت | صف بستہ | ۱۸۲ | ۵ | مکی |

| شمارہ سورہ | نام سورہ | معنیٰ | تعدادِ آیات | تعدادِ رکوع | مکی/مدنی |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۸ | صٓ | صٓ | ۸۸ | ۵ | مکی |
| ۳۹ | الزّمر | جماعتیں | ۷۵ | ۸ | مکی |
| ۴۰ | المومن | ایمان والا | ۸۵ | ۹ | مکی |
| ۴۱ | حٰمٓ السجدہ | سجدہ | ۵۴ | ۶ | مکی |
| ۴۲ | الشوریٰ | مشاورت | ۵۳ | ۵ | مکی |
| ۴۳ | الزخرف | زینت/سونے کی چیز | ۸۹ | ۷ | مکی |
| ۴۴ | الدخان | دھواں | ۵۹ | ۳ | مکی |
| ۴۵ | الجاثیہ | گھٹنوں کے بل بیٹھے | ۳۷ | ۴ | مکی |
| ۴۶ | الاحقاف | ریت کے ٹیلے | ۳۵ | ۴ | مکی |
| ۴۷ | محمد | محمدؐ | ۳۸ | ۴ | مدنی |
| ۴۸ | فتح | فتح | ۲۹ | ۴ | مدنی |
| ۴۹ | الحجرات | حجرت | ۱۸ | ۲ | مدنی |
| ۵۰ | ق | ق | ۴۵ | ۳ | مکی |
| ۵۱ | الذٰریت | آندھی | ۶۰ | ۳ | مکی |
| ۵۲ | الطور | پہاڑ کا نام | ۴۹ | ۲ | مکی |
| ۵۳ | النجم | ستارے | ۶۲ | ۳ | مکی |
| ۵۴ | القمر | چاند | ۵۵ | ۳ | مکی |
| ۵۵ | الرحمٰن | اللہ کا نام | ۷۸ | ۳ | مدنی |
| ۵۶ | الواقعۃ | واقع ہونے والی | ۹۶ | ۳ | مکی |
| ۵۷ | الحدید | لوہا | ۲۹ | ۴ | مدنی |

| شمارہ سورہ | نام سورہ | معنی | تعدادِ آیات | تعدادِ رکوع | مکی/مدنی |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵۸ | المجادلة | بحث | ۲۲ | ۳ | مدنی |
| ۵۹ | الحشر | یوم حشر | ۲۴ | ۳ | مدنی |
| ۶۰ | الممتحنة | عورتوں کا امتحان | ۱۳ | ۲ | مدنی |
| ۶۱ | الصف | قطار | ۱۴ | ۲ | مدنی |
| ۶۲ | الجمعة | جمع | ۱۱ | ۲ | مدنی |
| ۶۳ | المنفقون | منافق لوگ | ۱۱ | ۲ | مدنی |
| ۶۴ | التغابُن | ہار جیت | ۱۸ | ۲ | مدنی |
| ۶۵ | الطلاق | طلاق | ۱۲ | ۲ | مدنی |
| ۶۶ | التحریم | حرمت کی ہوئی چیز | ۱۲ | ۲ | مدنی |
| ۶۷ | ملک | بادشاہی | ۳۰ | ۲ | مکی |
| ۶۸ | قلم | قلم | ۵۲ | ۲ | مکی |
| ۶۹ | الحاقة | واقع ہونے والی | ۵۲ | ۲ | مکی |
| ۷۰ | المعارج | درجات والا | ۴۴ | ۲ | مکی |
| ۷۱ | نوحؑ | نوحؑ | ۲۸ | ۲ | مکی |
| ۷۲ | جن | جن | ۲۸ | ۲ | مکی |
| ۷۳ | المزمّل | چادر اُڑھنے والے | ۲۰ | ۲ | مکی |
| ۷۴ | المدثر | کمبل اُڑھنے والے | ۵۶ | ۲ | مکی |
| ۷۵ | القیامت | قیامت | ۴۰ | ۲ | مکی |
| ۷۶ | الدھر | وقت | ۳۱ | ۲ | مدنی |
| ۷۷ | المرسلٰت | ہوائیں | ۵۰ | ۲ | مکی |

| شمارہ سورہ | نام سورہ | معنیٰ | تعدادِ آیات | تعدادِ رکوع | مکی/مدنی |
|---|---|---|---|---|---|
| ۷۸ | النّباء | خبر | ۴۰ | ۲ | مکی |
| ۷۹ | النزٰعت | کھینچنے والی قوت | ۴۶ | ۲ | مکی |
| ۸۰ | عبس | ناگواری | ۴۲ | ۱ | مکی |
| ۸۱ | التکویر | لپیٹنا | ۲۹ | ۱ | مکی |
| ۸۲ | الفطار | پھٹ جانا | ۱۹ | ۱ | مکی |
| ۸۳ | المطففین | کم تولنا | ۳۶ | ۱ | مکی |
| ۸۴ | الانشقاق | سوراخ ہونا | ۲۵ | ۱ | مکی |
| ۸۵ | البروج | برجوں والے | ۲۲ | ۱ | مکی |
| ۸۶ | الطارق | چمکنے والا ستارہ | ۱۷ | ۱ | مکی |
| ۸۷ | الاعلیٰ | بلند مرتبہ | ۱۹ | ۱ | مکی |
| ۸۸ | الغاشیة | چھا جانے والی آفت | ۲۶ | ۱ | مکی |
| ۸۹ | الفجر | صبح سویرے | ۳۰ | ۱ | مکی |
| ۹۰ | البلد | شہر | ۲۰ | ۱ | مکی |
| ۹۱ | الشمس | سورج | ۱۵ | ۱ | مکی |
| ۹۲ | اللّیل | رات | ۲۱ | ۱ | مکی |
| ۹۳ | الضحیٰ | اجالا | ۱۱ | ۱ | مکی |
| ۹۴ | الانشراح | بات کھول دینا | ۸ | ۱ | مکی |
| ۹۵ | التین | انجیر | ۸ | ۱ | مکی |
| ۹۶ | العلق | جونک/پھٹکی | ۱۹ | ۱ | مکی |
| ۹۷ | القدر | قدر والی | ۵ | ۱ | مکی |

| شمارہ سورہ | نام سورہ | معنٰی | تعدادِ آیات | تعدادِ رکوع | مکی/مدنی |
|---|---|---|---|---|---|
| ۹۸ | البینۃ | کھلی دلیلیں | ۸ | ۱ | مدنی |
| ۹۹ | الزلزال | زلزلہ | ۸ | ۱ | مدنی |
| ۱۰۰ | العٰدیٰت | جنگی گھوڑے | ۱۱ | ۱ | مکی |
| ۱۰۱ | القارعۃ | بھونچال | ۱۱ | ۱ | مکی |
| ۱۰۲ | التکاثر | زیاتی | ۸ | ۱ | مکی |
| ۱۰۳ | العصر | زمانہ | ۳ | ۱ | مکی |
| ۱۰۴ | الھمزہ | طعنہ زنی | ۹ | ۱ | مکی |
| ۱۰۵ | الفیل | ہاتھی | ۵ | ۱ | مکی |
| ۱۰۶ | القریش | قریش | ۴ | ۱ | مکی |
| ۱۰۷ | الماعون | عام ضرورتوں کی چیز | ۷ | ۱ | مکی |
| ۱۰۸ | الکوثر | کثیر بھلائی | ۳ | ۱ | مکی |
| ۱۰۹ | الکفرون | کافر | ۶ | ۱ | مکی |
| ۱۱۰ | النصر | مدد | ۳ | ۱ | مدنی |
| ۱۱۱ | اللھب | شعلہ | ۵ | ۱ | مکی |
| ۱۱۲ | الاخلاص | خلوص | ۴ | ۱ | مکی |
| ۱۱۳ | الفلق | پو پھٹنا | ۵ | ۱ | مکی |
| ۱۱۴ | الناس | انسان | ۶ | ۱ | مکی |

# ان سورتوں کی تفصیل جن کا آغاز قرآن مجید کے تعارف سے ہوا ہے۔

| نام سورہ | |
|---|---|
| البقرہ | الٓـمّٓ۔ وہ کتاب قرآن مجید ہے، اس میں کچھ شک نہیں، (کہ کلام اللہ ہے) اللہ سے ڈرنے والوں کی رہنما ہے۔ آیت نمبر ۱،۲۔ |
| آلِ عمران | اس نے (اے محمدؐ) تم پر سچی کتاب نازل کی جو پہلی (آسمانی) کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور اسی نے تورات اور انجیل نازل کی۔ آیت نمبر ۳۔ |
| الاعراف | الٓمٓصٓ۔ (اے محمدؐ یہ) کتاب (جو) تم پر نازل ہوئی ہے۔ اس سے تمہیں تنگدل نہیں ہونا چاہیے (یہ نازل) اس لیے (ہوئی ہے) کہ تم اس کے ذریعے سے (لوگوں کو) ڈرساؤ (یہ) ایمان والوں کے لیے نصیحت ہے۔ آیت نمبر ۱،۲۔ |
| یونسؑ | الٓرٰ۔ اے محمدؐ یہ بڑی دانائی کی کتاب کی آیتیں ہیں۔ آیت نمبر ۱۔ |
| ھودؑ | الٓرٰ۔ یہ وہ کتاب ہے جس کی آیتیں مستحکم ہیں۔ اور اللہ حکیم وخبیر کی طرف سے بتفصیل بیان کردی گئی ہیں۔ آیت نمبر ۱۔ |
| یوسفؑ | الٓرٰ۔ یہ کتابِ روشن کی آیتیں ہیں۔ آیت نمبر ۱۔ |
| الدعد | الٓمٓرٰ۔ (اے محمدؐ) یہ کتاب (الٰہی) کی آیتیں ہیں اور جو اکثر تمھارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل ہوا ہے، حق ہے۔ لیکن لوگ ایمان نہیں لاتے۔ آیت نمبر ۱۔ |
| ابراھیمؑ | الٓرٰ۔ (یہ) ایک (پرنور) کتاب (ہے) اس کو ہم نے تم پر اس لیے نازل کیا ہے کہ لوگوں کو اندھیرے سے نکال کر روشنی کی طرف لے جاؤ (یعنی) ان کے پروردگار کے حکم سے غالب اور قابلِ تعریف (اللہ) کے راستے کی طرف۔ آیت نمبر ۱۔ |
| الحجر | الٓرٰ۔ یہ (اللہ کی) کتاب اور قرآنِ روشن کی آیتیں ہیں آیت نمبر ۱۔ |

| | |
|---|---|
| الکھف | سب تعریف اللہ ہی کو ہے جس نے اپنے بندے (محمدؐ) پر (یہ) کتاب نازل کی اوراس میں کسی طرح کی کجی (اور پیچیدگی) نہ رکھی۔آیت نمبرا |
| طٰہٰ | (اے محمدؐ) ہم نے تم پر قرآن اس سے نازل نہیں کیا کہ تم مشقت میں پڑ جاؤ، بلکہ اس شخص کو نصیحت دینے کے لیے (نازل کیا ہے) جو خوف رکھتا ہے، یہ اس ذات کا اتارا ہوا ہے جس نے زمین اور اونچے اونچے آسمان بنائے۔ |
| الانبیاء | ان کے پاس کوئی نئی نصیحت ان کے پروردگار کی طرف سے نہیں آتی مگر وہ اسے کھیلتے ہوئے سنتے ہیں۔آیت نمبر۲ |
| النور | یہ (ایک) سورہ ہے جس کو ہم نے نازل کیا اور اس (کے احکام) کو فرض کر دیا اور اس میں واضح المطالب آیتیں نازل کیں تا کہ تم یاد رکھو۔آیت نمبرا |
| الفرقان | وہ (اللہ عزوجل) بہت ہی بابرکت ہے جس نے اپنے بندے پر قرآن نازل فرمایا کہ اہلِ عالم کو ہدایت کرے۔آیت نمبرا |
| الشعراء | طٰسمّ۔یہ کتاب روشن کی آیتیں ہیں۔آیت نمبرا |
| النمل | طٰس۔یہ قرآن اور کتابِ روشن کی آیتیں ہیں۔آیت نمبرا |
| القصص | طٰسمّ۔یہ کتاب روشن کی آیتیں ہیں۔آیت نمبرا،۲ |
| لقمٰن | الٓمّ۔یہ حکمت کی (بھری ہوئی) کتاب کی آیتیں ہیں۔آیت نمبرا،۲ |
| السجدہ | الٓمّ۔اس میں کچھ شک نہیں کہ اس کتاب کا نازل کیا جانا تمام جہان کے پروردگار کی طرف سے ہے۔آیت نمبرا،۲ |
| الاحزاب | اور جو (کتاب) تم کو تمھارے پروردگار کی طرف سے وحی کی جاتی ہے اس کی پیروی کیئے جانا بیشک اللہ تمھارے سب عملوں سے خبردار ہے۔آیت نمبر۲ |
| یٰسین | یٰسین۔قسم ہے قرآن کی جو حکمت سے بھرا ہوا ہے۔آیت نمبرا،۲ |
| ص | ص۔قسم ہے قرآن کی جو نصیحت دینے والا ہے (کہ تم حق پر ہو) آیت نمبرا |

| | |
|---|---|
| الزمر | اس کتاب کا اتارا جانا اللہ غالب اور حکمت والے کی طرف سے ہے (اے پیغمبر) ہم نے یہ کتاب تمھاری طرف سچائی کے ساتھ نازل کی ہے تو اللہ کی عبادت کرو (یعنی) اس کی عبادت کو (شرک سے) خالص کر کے۔ آیت نمبر ا |
| المومن | حٰمٓ۔ اس کتاب کا اتارا جانا اللہ غالب ودانا کی طرف سے ہے۔ آیت نمبر ا،۲ |
| حٰم السجدہ | حٰمٓ ۔ (یہ کتاب اللہ) رحمٰن ورحیم (کی طرف) سے اتری ہے (ایسی) کتاب جس کی آیتیں واضح (المعانی) ہیں (یعنی) قرآنِ عربی ان لوگوں کے لیے جو سمجھ رکھتے ہیں جو بشارت بھی سنتا ہے اور خوف بھی دلاتا ہے لیکن ان میں سے اکثروں نے منہ پھیر لیا اور وہ سنتے ہی نہیں۔ آیت نمبر ا،۲ |
| الشوریٰ | حٰمٓ ۔ عٓسٓقٓ ، اللہ غالب ودانا اسی طرح تمھاری طرف (مضامین اور براہین) بھیجتا ہے (جس طرح) تم سے پہلے لوگوں کی طرف وہی بھیجتا رہا ہے۔ آیت نمبر ا،۳ |
| الذخرف | حٰمٓ ۔ کتاب روشن کی قسم کہ ہم نے اس کو قرآنِ عربی بنایا ہے تا کہ سمجھو اور یہ بڑی کتاب (یعنی لوحِ محفوظ) میں ہمارے پاس (لکھی ہوئی اور) بڑی فضیلت (اور) حکمت والی ہے۔ آیت ا،۴ |
| الدخان | حٰمٓ ۔ اس کتابِ روشن کی قسم کہ ہم نے اس کو مبارک رات میں نازل فرمایا۔ ہم تو راستہ دکھانے والے ہیں۔ آیت ا،۴ |
| الجاثیہ | حٰمٓ۔ اس کتاب کا اتارا جانا اللہ غالب اور دانا کی طرف سے ہے۔ آیت نمبر ا،۲ |
| الاحقاف | حٰمٓ ۔ (یہ) کتاب اللہ غالب (اور) حکمت والے کی طرف سے نازل ہوئی ہے۔ آیت نمبر ا،۲ |
| محمدؐ | اور جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اور جو (کتاب) محمدؐ پر نازل ہوئی اسے مانتے رہے اور وہ ان کے پروردگار کی طرف سے ان پر برحق ہے۔ ان سے ان کے گناہ دور کر دیئے گئے اور ان کی حالت سنوار دی گئی ہے۔ آیت نمبر ۲۔ |

ق — قرآن مجید کی قسم (کہ محمدؐ اللہ کے پیغمبر ہیں) لیکن ان لوگوں نے تعجب کیا کہ ان ہی میں سے ایک ہدایت کرنے والا ان کے پاس آیا تو کافر کہنے لگے کہ یہ بات تو (بڑی) عجیب ہے کہ بھلا جب ہم مر گئے اور مٹی ہو گئے (پھر زندہ ہوں گے) یہ زندہ ہونا (عقل سے) بعید ہے۔ آیت نمبر ۱،۲

الطور — (کوہ) طور کی قسم اور کتاب کی جو لکھی ہوئی ہے۔ آیت نمبر ۱،۲

النجم — یہ (قرآن) تو حکمِ الٰہی ہے جو (ان کی طرف) بھیجا جاتا ہے۔ آیت نمبر ۴

القمر — کافروں کو ایسے قصے پہنچ چکے ہیں جن میں عبرت ہے اور کامل دانائی کی (کتاب بھی) لیکن ڈرانا ان کو کچھ فائدہ نہیں دیتا۔ آیت نمبر ۴،۵

الرّحمٰن — (اللہ جو) نہایت مہربان اُسی نے قرآن کی تعلیم فرمائی۔ آیت نمبر ۱،۲

الجمعه — وہی تو ہے جس نے اَن پڑھوں میں انہی میں سے (محمدؐ کو) پیغمبر (بنا کر) بھیجا جو ان کے سامنے اس کی آیتیں پڑھتے اور ان کو پاک کرتے اور (اللہ کی) کتاب اور دانائی سکھاتے ہیں اور اس سے پہلے تو یہ لوگ صریح گمراہی میں تھے۔ آیت نمبر ۲

الجن — (اے پیغمبر لوگوں سے) کہہ دو کہ میرے پاس وحی آئی ہے کہ جنوں کی ایک جماعت نے (اس کتاب کو) سنا تو کہنے لگے کہ ہم نے ایک عجیب قرآن سنا ہے جو بھلائی کا راستہ بتاتا ہے سو ہم اس پر ایمان لے آئے اور ہم اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو شریک نہیں بنائیں گے۔ آیت نمبر ۱،۲

المزمل — قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کرو۔ آیت نمبر ۴

القدر — ہم نے اس (قرآن) کو شبِ قدر میں نازل (کرنا شروع) کیا آیت نمبر ۱

# کتابیات


| نمبر شمار | نام کتاب | مصنف | ناشر |
| --- | --- | --- | --- |
| ۱ | تذکرۃ المعصومینؑ | سید شفقت حسین نقوی | ادارہ تعلیم وتربیت لاہور۔ |
| ۲ | بہار نور | سید حمید علم الہدیٰ | انصاریان پبلیکیشنز قم ایران۔ |
| ۳ | معلومات قرآن | مرتبہ شاہد محمود | جہانگیر بک ڈپو اردو بازار لاہور۔ |
| ۴ | قرآن کوئز | مرتبہ پرویز کاظم | شمع بک ایجنسی نوید اسکوائر نیو اُردو بازار کراچی۔ |
| ۵ | قرآن ضرب الامثال | حکیم انیس احمد خیرآبادی | غزنی اسٹریٹ نزد کامیاب ڈاکخانہ لاہور۔ |
| ۶ | اسلامی ودینی معلومات | میر محسن علی امام | مزید پبلشر نوشین سینٹر اُردو بازار کراچی۔ |
| ۷ | اسلامی معلومات | شاہد محمود | جہانگیر بک ڈپو اُردو بازار لاہور |
| ۸ | خزانہ اسلامی معلومات خزانہ معلومات علمیہ | مرتبہ امتیاز علی | مکتبہ امتیاز راجپوت مارکیٹ لاہور۔ |
| ۹ | خزانہ معلومات علمیہ | مرتبہ محمد ظفر اقبال | |
| ۱۰ | معلومات ہی معلومات | مرتبہ احمد زکی غضنفر اکیڈمی پاکستان | |
| ۱۱ | ہمارا قرآن مجید | عبدالقیوم ندوی | |

| نمبر شمار | نام کتاب | مصنف | ناشر |
| --- | --- | --- | --- |
| ۱۲ | مطالعہ قرآن | محمد حنیف | ادارہ ثقافت اسلامیہ کلب روڈ لاہور۔ |
| ۱۳ | انوارالقرآن | ترجمہ از۔ سید زیشان حید جوادی | تنظیم المکاتب لکھنؤ انڈیا۔ |
| ۱۴ | القرآن الحکیم | ترجمہ از۔ حافظ سید فرمان علی | چاند کمپنی رجسٹرڈ کشمیری بازار لاہور۔ |
| ۱۵ | معمائی قرآنی | مرتبہ محمد جویباری | مرکز دفتر تبلیغات اسلامی حوزۂ علمیہ قُم۔ |
| ۱۶ | قرآن کا مختصر اشاریہ | ڈاکٹر اطہر محمد اشرف | ادارہ برائے فروغ تعلیمات قرآنی۔ |
| ۱۷ | مطالعۂ قرآن | سیّد ذیشان حیدر جوادی | رحمت اللہ بک ایجنسی کراچی |

# ادارہ تبلیغ تعلیماتِ اسلامی پاکستان

## کی اشاعت اور دیگر 30 کتب شائع ہو چکی ہیں






ان کے علاوہ کئی اہم کتب رسائل اور مضامین زیرِ طبع ہیں۔ مومنین تعاون فرمائیں

ناشر:

# ادارہ تبلیغ تعلیماتِ اسلامی پاکستان